فہرست مطالب

اردو مقالات

بے مثل زبان و بیان ۔ اعجاز القرآن کا ایک نادر پہلو/ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری.....۷

مثنوی رمزالعباد کا ایک نادر اور نایاب مخطوطہ/ ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد.....۲۷

برصغیر میں فقہی ادب کی تسہیل وتفہیم ایک تاریخی وتحلیلی جائزہ / ڈاکٹر محمد عبداللہ ۴۷

عربی مقالہ

اللغة العربية فيى شبه القارة أثناء عصر الاستعمار الإنجليزى/الدكتورمقيت جاويد ۸۱

خصائص الإمام أبي جعفر محمد باقر (رضی اللہ عنہ) فيضوء "كشف المحجوب" ۱۲۹

مفتي محمد رمضان سيالوي

فارسی مقالہ

قصۂ سوھنی و مھینوال سرودۂ دونی چند رایزادہ/ڈاکٹر محمد ناصر،ڈاکٹر محمد صابر ۱۳۷

کشمیری مقالات

کشمیر.....اسلامی تاریخ کے تناظر میں (۱۳۲۰ء-۱۸۱۹ء) / ڈاکٹر خواجہ زاہد عزیز.....۱۴۹

انگریزی مقالہ

- **Intertext and Allusion in the Yunus' Story as Presented by the Holy Quran**

/ Muhammad Abid Nadeem, Prof. Dr. Hafiz Mahmood Akhtar 03

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.79, 2010, pp 07 - 26

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، اپریل۔جون ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۹

بے مثل زبان و بیان۔ اعجاز القرآن کا ایک نادر پہلو

ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری☆

Abstract:

Venus-like Arabic was born in the perfect state of beauty. It was developed in cosmopolitan city of Makkah al-Mukarramah and its surrounding where Arabian tribes from all over Arabian Peninsula used to gather for four months of peace. Because of interaction of various tribes and intermingling of various dialects of the Arabic language a new language took birth there which was termed as the Common Arabic Language by the modern linguists. This Common Arabic language, the language of orators and poets, was used as vehicle for the Quranic text. The miraculous part of the story is that the environment and the conditions provided for the growth of this language has never been provided for any other natural language of the world. It was done only in order to make it capable to encompass the divine meanings and pharases of the holy Qur'an. Unlike all other languages, Arabic has inherent capacity to fight all corrosive forces of time and to maintain itself as classical

and modern language at the same time. Finally, it can be said that the holy Quran has made the Arabic language an immortal and everlasting language.

یہ ایک ناقابل انکار اور شک و شبہ سے بالاتر حقیقت ہے کہ قرآنِ کریم ایک لازوال الہامی کتاب ہے ۔ اس کا غیر معمولی اعتبار و عظمت، اس کی تازہ کاری ،دائمی وغیر مختتم

☆ وائس چانسلر، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا۔

حکمت،منفرد و بے مثل اُسلوب اور مسلسل و بے بہا معجز نمائی میں پنہاں ہے۔اقبالؒ نے قرآن کا تعارف پیش کرتے ہوئے کیا خوب کہا تھا:

آں کتاب ِزندہ قرآنِ حکیم
حکمت ِاو لایزال است وقدیم
صد جہانِ تازہ در آیاتِ اوست
عصر ہا پیچیدہ درآناتِ اوست
چوں بجاں دررفت جاں دیگر شود
جاں چو دیگر شد جہاں دیگر شود(۱)

'' قرآن کریم وہ زندہ و جاوید کتاب ہے ،جس کی حکمت ودانش قدیم بھی ہے اور دائمی و لازوال بھی ۔اس کی آیا ت کریمہ میں سینکڑوں نئ دنیاؤں کے بے نہایت امکانات پوشیدہ ہیں اوراس کے آنات ولمحات میں ان گنت صدیاں اور لا تعداد زمانے بند ہیں۔ جب یہ قلب و جاں میں اترتا ہے، تو انہیں زیر وزبر کر کے رکھ دیتا ہے۔جب یہ انقلاب آتا ہے،تو آدمی کی دنیا ہی بدل جاتی ہے۔''

انسان کے خالق نے اپنی عنایتِ بے پایاں سے بنی نوع انسان کی ہدایت و رہنمائی کی خاطر بعثتِ انبیا اور نزول کتب کا سلسلہ قائم فرمایا۔مختلف انبیا کو مختلف الہامی کُتُب اور صحف ِسماویہ عطا ہوئے۔ان کتب وصحف میں سے ،عمومی طور پر، ہم صرف چار کتابوں سے آگاہ ہیں۔ان چار کتابوں کے اسمائے مبارکہ، ان کی زمانی ترتیب کے اعتبار سے ،یوں ہیں: تورات، زبور، انجیل اور قرآن ۔مسند احمد بن حنبل کی ایک روایت میں آں جناب صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانِ مبارک نقل ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے؛ جن میں سے تین سو پندرہ کو کتابیں دی گئیں۔(۲)اِس حدیثِ مبارکہ کے ساتھ ساتھ قرآنِ کریم خود بھی اس بات کی شہادت دیتا ہے:

وَ قَالُوْا لَوْ لَا یَاْتِیْنَا بِاٰیَۃٍ مِّنْ رَّبِّہٖ اَوَلَمْ تَاْتِھِمْ بَیِّنَۃُ مَا فِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی۔(۳)

''اور کہتے ہیں کہ یہ (پیغمبر) ہمارے پاس ،اپنے رب کی طرف سے ،کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے۔کیا ان کے پاس
پہلی کتابوں کی نشانی نہیں آئی؟''

اِسی طرح قرآنِ مجید میں ایک اور جگہ ارشاد ہوا ہے:

اِنَّ ھٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی .صُحُفِ اِبْرٰھِیْمَ وَمُوْسٰی۔(۴)

''یقیناً یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے۔ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔''

قرآن وحدیث کی یہ گواہیاں اس حقیقت کا اعتراف و اعلان ہیں کہ متذکرہ صدر چار معروف ومعلوم کتبِ سماویہ کے علاوہ بھی الہامی کُتُب وصحائف نازل ہوئے؛ تاہم یہ بات قطعی وحتمی ہے کہ ان ساری کتابوں میں آخری کتاب قرآنِ کریم ہے، جو نبی آخرالزمان علیہ الصلوۃ والسلام پرعربی زبان میں نازل ہوئی۔

عربی زبان کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ یہ زبان دراصل سامی زبانوں کے خاندان کی ایک نہایت محترم اور باوقارزبان ہے۔ زبانوں کی تشکیل و ترویج کا مطالعہ ایک نہایت اہم اور دلچسپ موضوع ہے۔ماہرین لسانیات نے زبانوں کو اپنی ساخت کے اعتبار سے مختلف خاندانوں میں بانٹ کر دیکھا ہے۔سامی زبانیں کون سی ہیں؟ اِس سوال کا جواب جاننے کے لیے جب ہم تاریخ سے رجوع کرتے ہیں، تو ہمیں یہ معلومات حاصل ہوتی ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹے تھے :سام، حام اور یافث۔حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی اولاد نے جو زبانیں اختیار کیں ، وہ سامی زبانیں کہلاتی ہیں اور اُن کے مذاہب سامی مذاہب۔ سامی مذاہب میں یہودیت ، عیسائیت اور اسلام شامل ہیں ۔ زبانیں تشکیل و ترویج ا ور تعدیم کے مراحل سے گزرتی رہتی ہیں۔سو متعدد سامی زبانوں میں سے ، بہت سی زبانوں کا وجود،گردش دوراں نے مٹا ڈالا۔ان زبانوں میں سے آج دو زبانیں مروّج ہیں۔ ایک عربی اور دوسری عبرانی ، جو اسرائیل میں بولی جاتی ہے۔قرآنِ کریم سامی زبانوں

کے خاندان کی ایک اہم زبان ،عربی میں نازل ہوا۔

قرآن کے لفظی معنی ہیں: ایسی کتاب، جو بہت زیادہ پڑھی جاتی ہو۔اِس کے معنی ایک ایسی کتاب کے بھی لیے جاتے ہیں، جو زبان پر چڑھ جاتی ہو۔(۵) یہی وجہ ہے کہ قرآن واحد ایسی کتاب ہے، جو لوگوں کو پوری کی پوری یاد ہو جاتی ہے ۔ اِس حقیقت میں کسی دوسری رائے کی گنجائش نہیں ہے کہ یہ واحد ایسی کتاب ہے، جس کے حفاظ دنیا میں سب سے زیادہ ہیں۔ جہاں تک باقی الہامی کتابوں کا تعلق ہے ، وہ اب دُنیا میں من وعن موجود ہی نہیں ہیں ، کیوں کہ اِن کے جو نسخے دست یاب ہیں ، وہ تحریف شدہ حالت میں ہیں۔قرآن کی عظمت کے حوالے سے یہ بات لائقِ توجہ ہے کہ اِس وقت دنیا میں مذہبی تقدس کی حامل کتابوں میں سے کسی ایک کتاب کا کوئی ایک بھی حافظ ڈھونڈے نہ ملے گا۔گرنتھ کا، بائبل کا،تورات کا ، ویدوں کا، اوِستا کا کوئی حافظ کسی نے کبھی دیکھا؟ لیکن یہ بات کتنی حیران کن ہے کہ قرآنِ کریم کے دس دس سال کی عمر کے حفاظ، آپ عالم اسلام کے کونے کونے میں دیکھ سکتے ہیں۔ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی مشہور کتاب " **الاتقان فی علوم القرآن** " میں لکھا ہے کہ قرآن کا حفظ کرنا مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے۔(۶) گویا مسلمانوں کی بستیوں میں کوئی نہ کوئی ایسا شخص ضرور ہونا چاہیے، جو قرآن کریم کا حافظ ہو، اور اِسے مستقلاً یاد رکھے ۔

قرآنِ کریم کے اس اجمالی تعارف کے بعد ہمیں دراصل یہ دیکھنا ہے کہ وہ کون سے امتیازات اور خصوصیات ہیں، جو اسے دیگر الہامی اور سماوی کُتُب سے ممتاز کرتی ہیں۔قرآن، جیسا کہ اوپر ذکر ہوا، عربی زبان میں اُترا۔عربی زبان کی تاریخ جو ہم تک پہنچی ہے، وہ رسولِ کریم ﷺ کی ولادت باسعادت سے تقریباً ڈیڑھ سو سال پہلے تک کی ہے۔ یہ بات بھی اپنی جگہ غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے کہ قرآن کے نزول سے قبل، زبان کی نشوونما اور ارتقا کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو اہتمام کیا، وہ بھی کسی اور الہامی کتاب کے حصے میں نہیں آیا۔(۷)

پیغمبر گرامی ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے ،وہیں پلے بڑھے، چالیس سال کی عمر میں باقاعدہ وحیِ الٰہی کا سلسلہ شروع ہوا۔ مکہ معظّمہ آنحضورؐ کی ولادتِ مبارکہ سے سو سال پہلے سے

ہی ایک بین الاقوامی شہر (Cosmopolitan City) کا درجہ اختیار کر چکا تھا۔ اُس وقت تک جو دنیا موجود تھی، اُس کے کونے کونے سے ؛یعنی موجودہ افریقہ کی آخری حدوں ، یورپ کے شمال ، فلسطین کے علاقوں اور چین تک سے، گرمیوں اور سردیوں میں، تجارتی قافلے آیا کرتے اور مکہ مکرمہ میں قیام کیا کرتے۔محرم الحرام، شوال ، ذیقعد اور ذوالحجہ کے مہینوں میں، جن کو اسلامی تاریخ میں حرام ، یعنی بہت ہی حرمت والے مہینے قرار دیا گیا ہے ، جزیرۃ العرب ،خاص طور پر مکہ مکرمہ کے گردونواح میں ، ثقافتی میلے منعقد ہوتے ۔ان میلوں میں ایک بڑا میلہ ''سوقِ عکاظ'' کہلاتا ہے۔ سوق کے معنی عربی میں میلے کے ہیں۔''سوقِ عکاظ'' کے علاوہ چھوٹے بڑے کئی اور بھی انسانی اجتماع ہوتے ؛جس میں پورے جزیرۃ العرب کے لوگ شریک ہوتے ،بڑے بڑے خطیب اور زبان دان آتے ، جو اپنے خطبے سناتے، بڑے بڑے شعرا آتے، جو وہاں کی شعری مجالس میں اپنے قصیدے سناتے اور یوں اُن کے ذوق ،فکر وفن اور ذہنی اپج کو مقابلے کی میزان پر تولا جاتا۔ جو قصیدہ اول آتا ، اپنی شعری عظمت کے شرف کے طور پر خانہ کعبہ کے غلاف کے ساتھ لٹکا دیا جاتا۔ یہاں لٹکے ہوئے قصائد کو عربی ادبیات کی تاریخ میں معلقات کے نام سے جانا جاتا ہے۔یعنی کعبہ کے ساتھ لٹکے ہوئے مایۂ ناز قصیدے۔(۸)

عربوں کے مزاج کے حوالے سے یہ چیز حیران کن ہے کہ جوں ہی حرمت والے مہینوں میں سے کسی مہینے کا چاند نظر آتا،سونتی ہوئی تلواریں واپس اپنے نیاموں میں ڈال دی جاتیں ۔گویا چار مہینے عالمِ عرب میں امن کے ایسے مہینے تھے ،جن میں کوئی شخص تجارتی قافلوں پر حملہ کر سکتا تھا نہ کسی کی جان لے سکتا تھا۔ ایسی ایسی طویل جنگیں، جو عرب قبائل کے درمیان مسلسل چالیس چالیس سال تک لڑی گئیں، مثلاً حربِ بسوس وغیرہ میں بھی ، حرمت والے مہینوں کی حرمت کا اِس قدر لحاظ رکھا جاتا کہ اوزارِ حرب وضرب اتار کر سارے دشمن اکٹھے بیت اللہ کے اردگرد اپنا اپنا کاروبار کرنے لگتے ۔(۹)امن کے ان چار مہینوں میں، یونان ،مصر اور افریقہ وغیرہ دُور دراز علاقوں سے جو لوگ یہاں آئے ہوئے ہوتے، اپنا مال یہاں بیچتے اور حرام مہینوں کے اختتام سے قبل اپنے وطنِ مالوف کو واپس چلے جاتے۔ اِن چار مہینوں میں مختلف قوموں کے مختلف زبانیں بولنے والے لوگ مکہ مکرمہ میں قیام پذیر رہتے۔یوں مکہ مکرمہ

کی زبان پر ایک ایسا اثر مرتب ہوا کہ اُس میں یونانی ، لاطینی ، ہندی اور فارسی الفاظ شامل ہوتے چلے گئے ۔ گویا اُس وقت کی عربی بہت سے معرّب الفاظ(۱۰)اور جزیرۃ العرب کے مختلف عرب قبائل کے مختلف لہجوں کے محاسن کا خوبصورت مجموعہ بن چکی تھی۔ میں لسانیات کے ایک طالب علم کے طور پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ قرآنِ کریم کا متن اترنے سے پہلے، وہ زبان جس کو ہم ''اللغة العربية المشتركة ''یعنی''The Common Arabic Language '' کہتے ہیں،دراصل اُس وقت مکہ مکرمہ میں اشرافیہ،یعنی پڑھے لکھے لوگوں کی زبان تھی۔ یہی زبان سارے قبائل میں برابر پسند کی جانے والی اور شعراو خطبا کی زبان تھی۔(۱۱)

جامع اور الوہی تعلیمات پر مبنی کتاب کی زبان کو تائید ایزدی سے جو حالات میسّر آئے،وہ کسی اور زبان کے حصے میں نہیں آئے ۔اسی بات کو شکاگو یونیورسٹی کے پروفیسر جیرو سلاو سٹیٹکش (Jaroslav Stetkevych)نے اپنی کتاب :The Modern Arabic Literary Language میں اپنے انداز سے یوں بیان کرتا ہے:

"Venus -like, it was born in a perfect state of beauty, and it has preserved that beauty in spite of all the hazards of history and all the corrosive forces of time."(12)

''وینس (حسن و محبت کی دیوی) کی مانند عربی بھی وقتِ ولادت ہی سے حسن ورعنائی کے اوج کمال پر تھی۔اور اس زبان نے تاریخ کی جملہ دشواریوں اور وقت کی بے رحم اور موذی طاقتوں کا مقابلہ کرتے ہوئے[آج تک] اپنے حسن و جمال کی حفاظت کی ہے۔''

لسانیات کی سمجھ بوجھ رکھنے والے جانتے ہیں کہ ہر چالیس پچاس میل کے بعد زبان کا لہجہ یا لوگوں کاVocal Cords' Behaviour کسی حد تک بدل جاتا ہے۔ ہمارے ہاں پنجابی اور اُردو زبانوں کے مختلف لہجوں میں بھی یہ حقیقت ملاحظہ کی جا سکتی ہے ۔ اُردُو میں لکھنؤ کا لہجہ اور ہے، دہلی کا اور۔ پنجابی میں بھی پنجاب کے مختلف علاقوں کے مختلف لہجے ہیں۔ سیالکوٹ ،گوجرانوالہ وغیرہ کا لہجہ اور ہے ،فیصل آباد، ساہیوال وغیرہ کا اور۔ سرائیکی میں بھی اَحمد پور لمے کا لہجہ اَور ہے، ڈیرہ غازی خان کا اَور۔مثلاً''اِدھر اُدھر'' کو ایک علاقے میں لوگ

''اَیدھر اُودھر'' کہتے ہیں، دوسرے میں ''ایتل اوتل'' اور تیسرے میں ''ایڈھے اوڈھے'' وغیرہ۔ سندھ کی حدود میں داخل ہوں تو اسی مفہوم کے لیے ''ہیڈھے ہوڈھے'' کے الفاظ سننے کو ملتے ہیں۔ لسانی تبدیلی و ترمیم کی یہی صورت عربوں میں بھی موجود تھی۔ ایک علاقے یا قبیلے میں ایک لفظ کو ایک انداز سے ادا کیا جاتا اور دوسرے علاقے یا قبیلے میں دوسرے انداز سے ۔ ایک لہجے کے لوگ ''ہ'' سہولت سے بولتے تھے ، جب کہ دوسرے لہجے کے لوگ اس آواز کو ''الف'' سے بدل دیتے تھے؛ بالکل اسی طرح جیسا کہ اوپر'' اِدھرادھر'' کے الفاظ کے حوالے سے پنجابی لہجوں کے اختلاف کا ذکر ہوا۔ اِسی لسانی حکمت کے پیشِ نظر قرآنِ کریم ''**اللغة العربية المشتركة** '' یعنی'' The Common Arabic Language ''میں اتارا گیا، جو سبھی لہجات کے محاسن کا مجموعہ تھی۔

اللغة العربية المشتركة کی ساخت ،مزاج اور اجزائے ترکیبی کو سمجھنے کے لیے حضرت عبداللہ بن عباس کی جانب منسوب کتاب اللغات فی القرآن پر ایک نظر ڈالنا ضروری ہے۔عربی لسانیات میں لفظ ''لغات'' لہجات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔کتاب اللغات فی القرآن'' ابن حسنون کی روایت سے ہم تک پہنچی ہے۔اس کتاب کو چھ دہائیاں پیشتر عربی کے عظیم سکالر صلاح الدین المنجّد نے تدوین کے بعد شائع کیا۔اس مختصر کتاب میں سیدنا عبد اللہ بن عباس کتاب اللہ میں استعمال ہونے والے۲۶۵الفاظ کو موضوع بناتے ہیں اور ان کی رائے میں۲۶۵قرآنی الفاظ میں سے صرف ۱۰۴ قریشی الاصل ہیں اور باقی۱۶۱ الفاظ جزیرۃ العرب کے مختلف ۲۷ قبائل سے لیے گئے ہیں۔(۱۳)

اس ضمن میں یہ واقعہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا۔امام العجلونی نے کشف الخفاء میں بیان کیا ہے کہ آنحضورؐ کی خدمت میں قبیلہ بنوسُلیم کا ایک وفد حاضر ہوا(قبیلہ بنوسلیم کی زبان قریشی لہجے سے خاصی مختلف تھی)۔آپؐ کے پاس حضرت ابو بکر صدیقؓ بھی تشریف فرما تھے۔ بنوسلیم کے لوگ آپؐ سے بات کرتے رہے اور آپ ان کے سوالات کے جوابات بھی دیتے رہے ۔اس پر حضرت ابو بکر صدیقؓ آپؐ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہتے ہیں:

ما قال لک وما قلتَ له لم نفهم هذا.
''بنوسلیم کے نمائندے نے آپ سے جو کچھ کہااور جو کچھ آپ نے اس سے فرمایا،ہمیں کچھ سمجھ نہیں آیا۔''

پھر کہا:

مارأیتُ افصح منک یا رسول الله فمن ادَّبک ۔
''یارسول اللہ! میں نے آپؐ سے زیادہ فصیح کوئی نہیں دیکھا۔آپؐ کو یہ لہجات کس نے سکھائے ہیں۔''

آپؐ نے فرمایا:

ادَّبنی اللّٰه فاحسنَ تادیبی و نشئتُ فی بنی سعد.
''مجھے یہ (لہجے اور زبانیں بولنا)اللہ نے سکھایا ہے ۔اور مین بنی سعد میں پلا بڑھا ہوں۔''(۱۴)

جزیرۃ العرب کے سبھی لہجات کے محاسن کا مجموعہ قرآن کریم کی صورت میں ہمارے پاس محفوظ ہے اور ان شاء اللہ ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

جزیرۃ العرب کی یہی اللغة العربية لمشتركة (مشترک عربی زبان) وہاں کی اشرافیہ، ادبا اورشعرا کی زبان تھی۔ اسی پاکیزہ اور منجھی ہوئی زبان میں قرآن کریم نازل کیا گیا۔ اگر کوئی اس زبان کے مقاییس اور منضبط کردہ اصولوں کے خلاف پیرایہ اظہار اختیار کرتا تو اس کا محاسبہ کیا جاتا۔ ابو الطيب الغوی، مراتب النحويين میں لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ ﷺ کی مجلس میں [قرآنی اسالیب کے برعکس] غلط انداز میں اپنا موقف بیان کیا، تو آپ ﷺ نے دیگر صحابہ سے فرمایا: ''ارشدوا اخاکم.....'' ''اپنے بھائی (جوکج روہو گیا ہے) کی راہنمائی کرو'' (۱۵) سیدنا عمر بن الخطاب اور سیدنا عمر بن عبدالعزیز کے ایسے بیسیوں واقعات ہیں جن میں آپ حضرات نے گورنروں کوخطوط یا وفود میں آنے والے لوگوں کی زبان کی اغلاط پر نشاندہی کی اور انہیں قرآنی استعمالات کی مطابقت میں لفظوں کے استعمال اور پیرایہ

اظہار اختیار کرنے کی تاکید فرمائی۔(۱۶) تاریخ ادب عربی کی اکثر کتب میں بیان کیا گیا ہے کہ جب کسی کو قرآن کریم کے کسی لفظ یا ترکیب کو سمجھنے میں دشواری پیش آتی تو سیّدنا عمرؓ اسے مشورہ دیتے: فَتِّشُوْہ فی اشعار العرب'' اس چیز کو عربوں کی شاعری میں تلاش کرو تاکہ تم قرآن کریم کے پیرائے کو درست طور پر سمجھ سکو۔ امام شاطبی نے الموافقات میں نقل کیا ہے: ''قال عمرؓ: ایھا الناس تمسکوا بدیوان شعرکم فی جاھلیتکم فانّ فیه تفسیر کتابکم'' اے لوگو! عربوں کی زمانہ قبل از اسلام کی شاعری کے ریکارڈ کو پیش نظر رکھو کیونکہ اسی سے تم اپنی کتاب (قرآن کریم) کو [ڈھنگ سے] سمجھ پاؤ گے۔(۱۷)

یہی بات سیّدنا عبداللہ بن عباسؓ نے فرمائی: ''الشعردیوان العرب فاذا خفی علینا الحرف من القرآن الذی انزله الله بلغة العربی رجعنا الی دیوانها فالتمسنا ذلک'' یعنی شاعری ہی عربوں کی زندگی کا ریکارڈ اور دیوان ہے۔ جب ہمیں قرآن کا کوئی لفظ جو اللہ نے عربی زبان میں نازل کیا ہے سمجھ نہیں آتا تو ہم عربی شاعری کی جانب رجوع کرتے ہیں اور ہمیں وہاں سے اس کا صحیح مفہوم مل جاتا ہے۔(۱۸)

عربوں کا ایک امتیازی وصف یہ بھی تھا کہ وہ زبان کے عاشق تھے۔ کسی اچھی گفتگو کرنے والے اور زبان کی باریکیوں اور نفاستوں سے آگاہ شخص کو عرب معاشرے میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا اور اِس خوبی کی بنیاد پر اُس کی بہت پذیرائی ہوتی۔ جس قبیلے میں کوئی شاعر پیدا ہوجاتا ، اُس میں جشن منایا جاتا۔ اللہ کا ایک نظام اور قانونِ قدرت، جو فی الواقع انسانی نفسیات کی بڑی گہری بصیرت سے عبارت ہے ، یہ رہا ہے کہ جس نبی کو جو معجزہ عطا ہوا، وہ اس کی قوم اور معاشرے کے مزاج ، ماحول ،نفسیات، دلچسپیوں اور مرکزِ نگاہ بننے والی چیزوں کی رعایت سے عطا ہوا۔ مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں جادو کا زور تھا۔ سو حضرت موسیٰؑ کو عصا اور یدِ بیضا کی شکل میں وہ معجزہ عطا ہوا کہ جادوگر عاجز آ گئے ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں طب کا بہت چرچا تھا۔ ایسے بڑے بڑے اور فاضل اَطِبّا تھے کہ دُور ہی سے ایک آدمی کے چہرے مہرے اور چال کو دیکھ کر اُس کی بیماری کی تشخیص کر دیتے تھے؛ سو جناب مسیح

علیہ السلام کو ایسا معجزہ دیا گیا کہ بیماروں کی تشخیص وعلاج تو کجا آپ مردے کو زندہ کر دیتے۔آنجناب علیہ السلام "قُم باذن اللّٰہ "یعنی :اللہ کے حکم سے کھڑے ہو جاؤ، کہتے اور مردہ زندہ ہو جاتا؛پیدائشی اندھوں کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرکر انہیں بینا کر دیتے ؛ لوگوں کو بتا دیا کرتے کہ انہوں نے کیا کھایا اور کیا بچا کر رکھا ہے ۔حضورؐ کو عربوں کی زبان آوری کی رعایت سے قرآن کی صورت میں ایسا معجزانہ کلام عطا ہوا کہ اسے سن کر بڑے بڑے زبان دان اور شعرا وخطبا دنگ رہ گئے ،اور اُنہیں تسلیم کرنا پڑا کہ یہ کسی انسان کا کلام نہیں ؛ جیسا کہ اوپر بیان ہوا، بڑے بڑے شعرا کے قصیدے اوّلیت کا شرف پاکر خانۂ کعبہ کے ساتھ آویزاں ہونے کے مستحق قرار پاتے تھے ؛ جب آپؐ پر سورۃ الکوثر اُتری :

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَر. فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ . اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ.(۱۹)

"بے شک ہم نے آپ کو کوثر عنایت فرمائی ہے،۔پس اپنے رب کی نماز پڑھو اور قربانی کرو۔بلا شبہ تمہارا دشمن ہی بے نام و نشان رہے گا۔"

تو حضورؐ نے اِس سورہ مبارکہ کو لکھوا کر کعبہ کے ساتھ آویزاں کر دیا۔کسی عرب شاعر نے یا بہت بڑے عربی دان نے، ایک چوتھی لائن کا اضافہ بایں الفاظ کیا:

اِنَّ ھٰذَا لَیسَ بِکَلامِ البَشَر ۔

"یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہے"۔(۲۰)

یہ پذیرائی ،قرآنِ عظیم کا یقینی حق تھا۔قرآن کی صداقت اور فصاحت و بلاغت کے حوالے سے تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ ابوجہل، ابوسفیان، عتبہ، شیبہ اور قرآن کے بڑے بڑے دشمن بھی، راتوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن پڑھتے ہوئے، چپکے چپکے آ کے سنتے اور ایسی فصیح و بلیغ زبان پر سر دھنا کرتے۔(۲۱) اُن کو اچھی طرح معلوم تھا کہ یہ ہرگز کسی انسان کا کلام نہیں، لیکن یہ محض اُن کی ہٹ دھرمی تھی کہ زبان سے اِس حقیقت کا اقرار نہ کرتے تھے ۔ ایمان اور تسلیم کی خُو اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے اور یہ توفیق الٰہی ہی سے ارزانی ہوتی ہے۔ ان

لوگوں کو یہ توفیق نصیب نہ ہوئی۔قرآن لوگوں کو کس زبردست انداز سے متاثر کرتا تھا؟ اس حوالے سے مسلم ادبیات کے صفحات بھرے ہوئے ہیں۔حبشہ کا عیسائی بادشاہ اصحمہ نجاشی حضرت جعفر طیارؓ سے سورہ مریم کی چند آیات سن کر اشکبار ہوگیا تھا۔حضرت عمر فاروقؓ جو حضورؐ کو شہید کرنے کے ارادے سے نکلے تھے، قرآن کریم کی چند آیات سن کر دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے ۔ عتبہ بن ربیعہ کفار کی طرف سے دنیاوی لالچ پیش کرنے کی غرض سے حضورؐ کے پاس پہنچا۔حضورؐ نے سورۂ حم السجدہ کی چند آیات تلاوت فرمائیں۔ وہ اس قدر متاثر ہوا کہ واپس آ کر کفار سے کہنے لگا: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ان کے حال پر چھوڑ دو۔تم لوگ قرآن کو جادو اور شاعری کہتے ہو۔ میں جادو اور شاعری کو اچھی طرح سمجھتا ہوں۔ خدا کی قسم! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو کلام پیش کر رہے ہیں ،اس جیسا کلام میں نے آج تک نہیں سنا۔ یہ جادو و شاعری سے بالکل مختلف چیز ہے۔اقبالؒ نے کیا خوب کہا تھا:

فاش گویم آنچہ در دل مضمر است
ایں کتابے نیست چیزے دیگر است(۲۲)

’’میرے دل میں جو راز پوشیدہ ہے ،فاش کیے دیتا ہوں۔ جان لو :یہ
قرآن محض کتاب نہیں کوئی بڑی ہی منفرد و بے نظیر چیز ہے۔‘‘

حضورؐ کے وصال کے فوراً بعد مرتدین کا فتنہ اٹھا ۔بہت سارے لوگ اسلام سے پھر گئے ۔پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی لازوال پذیرائی کو دیکھ کر کئی لوگ نبوت کے دعوے دار بن بیٹھے۔ اُن میں جو کوئی زبان دان تھے، اُنھوں نے یہاں تک کہہ دیا کہ جبرائیل علیہ السلام ہمارے پاس آتے اور وحی لاتے ہیں ۔جھوٹے مدعیان نبوت میں سے ایک شخص مسیلمہ کذّاب تھا۔یہ شخص قرآنِ کریم اورآں جنابؐ کا بہت بڑا دشمن تھا۔اس نے ،حضرت ابو بکر صدیقؓ کے زمانے میں ، دعویٰ کیا کہ اس پر وحی نازل ہوتی ہے۔ اِس دعویٰ کذب و افترا پر حضرت خالد بن ولیدؓ نے اُسے ،’’حدیقۃ الرحمٰن‘‘ میں، جو موجودہ ریاض کے قریب ایک علاقہ ہے،

واصل جہنم کیا۔(۲۳)اِس قسم کے دعووں کے زیرِ اثر، جھوٹی آیات و وحی کے جو متعدد نمونے سامنے آئے، یہاں ان میں سے ایک کا ذکر کیا جاتا ہے، کسی جویائے علم و تحقیق نے مزید نمونے ملاحظہ کرنا ہوں، تو وہ ابن کثیر کی کتاب 'البداية والنهاية' کے مطالعہ سے فیض یاب ہوسکتا ہے۔(۲۴) مسیلمہ کذاب نے سورة القارعة سن رکھی تھی:

اَلْقَارِعَةُ. مَا الْقَارِعَةُ . وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الْقَارِعَةُ . يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ. وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ . فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ . فَهُوَ فِیْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ . وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ . فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ . وَمَآ اَدْرٰکَ مَاهِيَهْ .نَارٌ حَامِيَةٌ .(۲۵)

''کھڑ کھڑانے والی ۔کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟اورتمہیں کیا معلوم کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟(وہ قیامت ہے)جس دن لوگ یوں ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔اور پہاڑ یوں ہو گے جیسے رنگ برنگ کی دھنکی ہوئی اون۔تو جس کے (اعمال کے)وزن بھاری ہوں گے ،وہ دل پسند عیش میں ہوگا۔اور جس کے وزن ہلکے نکلے،اس کا مرجع ہاویہ ہے،اور تمہیں کیا معلوم کہ ہاویہ کیا ہے؟ آگ ہے بھڑکتی ہوئی۔''

اِس سورۂ مبارکہ میں قیامت کے وقوع پذیر ہونے کا ذکر ہے ،اور انسانوں پر واضح کیا گیا ہے کہ یہاں اُن کا قیام مستقل نہیں ہے اورعنقریب وہ دِن ظاہر ہونے والا ہے، جب انسان پتنگوں کے مانند اڑتا پھرے گا، اور پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح ہوا کے دوش پر سوار ہوں گے۔مسیلمہ کذّاب سے جب لوگوں نے استفسار کیا کہ اُس پر کیا وحی نازل ہوئی ہے؟ تو اُس نے نے کچھ عبارات گھڑکر اپنی وحی کے طور پر پیش کیں ۔(۲۶) سورةالقارعة کے آہنگ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اُس نے جو الفاظ گھڑے، وہ کچھ یوں ہیں:

''الفيلُ .ما الفيل . وما ادراک ماالفيل . لهُ خرطومٌ طويلٌ ولهٗ ذنب قصير.''(۲۷)

''ہاتھی، تمھیں کیا معلوم کہ ہاتھی کیا ہوتا ہے؟ تم کیا جانو کہ ہاتھی کیا ہے؟ اُس کی لمبی سونڈ اور چھوٹی سی دُم ہوتی ہے۔''

یہ بالکل ایسے ہی ہے، جیسے بچے ٹوٹ بٹوٹ کی کہانیاں سنتے ہیں۔کہاں یہ فضول و لا یعنی تک بندی اور کہاں قرآن !ایک معمولی سا صاحبِ فہم بھی اس عبارت کو قرآن کے مقابل دیکھ کر اِس کی ہنسی اڑائے بغیر نہیں رہ سکتا۔قرآن نے اپنے بےنظیر کلام ہونے کا دعوی کرتے ہوئے چیلنج کیا تھا:

وَ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص وَ ادْعُوْا شُهَدَآءَ كُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ.(۲۸)

''اوراگر تمہیں اس (کلام) میں ،جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا ، کچھ شک ہے تو اس جیسی ایک سورت بنا لاؤ۔

اور(اس کام کے لیے)اللہ کے علاوہ، اپنے حمایتیوں اورمدد گاروں کوبھی بلا لو،اگر تم سچے ہو۔''

لیکن قرآن کی صداقت کا یہ منہ بولتا ثبوت ہے کہ گزشتہ ساڑھے چودہ سو برس میں ایک بھی ایسی تحریر پیش نہیں کی جا سکی ، جوفکری وفنی محاسن کے اعتبار سے کسی بھی طرح قرآن کے برابر کہی جا سکے۔ یہاں قرآن کے معارضہ کی جدید کوششوں اور ان کی ناکامی کی دو مثالیں ذکر کی جاتی ہیں:

۱۹۷۲ء میں مصر میں دارالمعارف نے الانجیل للقدیس متیؒ کے نام سے انجیل متّی (Gospel of Mathew) کا عربی ترجمہ شائع کیا۔ یہ ترجمہ پروفیسر زکی شنودہ،ڈاکٹر مراد کامل،ڈاکٹر باھور لبیب اور پروفیسر حلمی مرادایسے بڑے بڑے مسیحی عرب ادیبوں (۲۹) پر مشتمل ایڈیٹوریل بورڈ نے تیار کیا۔ اس ترجمہ کے لیے قرآنی ذخیرہ الفاظ کا سہارا لیا گیا۔ اور پورے ترجمہ میں ساری عبارتیں قرآنی اسلوب کی نقالی کرنے کے ساتھ ساتھ قرآنی الفاظ سے

ترتیب دی گئیں۔ اور یوں گویا انجیل متیؔ کو قرآن کے مقابل لانے کی کوشش کی گئی۔لیکن بایں ہمہ قرآن اورالانجیل للقدیس متیؔ میں بعد المشر قین صاف ملاحظہ کیا جا سکتا ہے ۔چند مثالیں دیکھیے :

قرآن کریم میں ہے:

اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُکِیًّا .(۳۰)

انجیل مقدس میں نقل کیا گیا ہے:

وحین اتوا الی البیت رأوا الصبیَّ مع مریم،فخرّوا وسجدوا له.(۳۱)

درج ذیل آیت میں قرآنی اسلوب ملاحظہ ہو:

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ.(۳۲)

انجیل مقدس میں قرآنی انداز اپنانے کی کوشش یوں کی گئی:

وضرب لهم مثلاً آخر.(۳۳)

سورہ لقمان کی حسب ذیل آیت میں اسلوب قرآنی ملاحظہ ہو:

اِنَّهَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ .(۳۴)

انجیل مقدس میں حبّۃ خردل کی ترکیب ملاحظہ فرمائیں:

یشبه ملکوت السماوات والارض حبّة خردل.(۳۵)

علامہ طنطاوی جوہری ،جو ۲۱۔۱۹۲۰ء کے لگ بھگ فوت ہو گئے تھے ،'جواہر القرآن' میں لکھتے ہیں کہ فرانس میں مستشرقین کی بہت بڑی کانفرنس ہوئی ، جس میں اُنھوں نے کہا کہ آپ کے پاس قرآن کے Un-immitable ہونے کی کیا دلیل ہے۔علامہ جوہری نے

مستشرقین کو جواب دیا کہ مجھے اِس تصوُّر کو عربی میں ڈھال دیجیے کہ جہنم بہت وسیع ہے، یہ کبھی نہیں بھرے گی ،تو سارے مستشرق جو عربی زبان کے جید علما تھے، اُنھوں نے اپنے اپنے طور پر اس تصوُّر کو عربی میں بیان کیا کہ : "**لن تملا ء جهنم**"جہنم کبھی نہیں بھرے گی؛ "**اِن الجهنم واسعة**" جہنم بہت وسیع ہے؛ "**اِ ن الجهنم لواسعة**" یقیناً جہنم بہت وسیع ہے۔"**ان الجهنم كبيرة جداً**" یقیناً جہنم بہت بڑی ہے۔دس پندرہ پیرایوں میں انھوں نے اِس خیال کو عربی میں بیان کیا، تو علامہ طنطاوی جوہری ، مستشرقین سے گویا ہوئے کہ اب میں تمھیں بتاتا ہوں کہ قرآنِ کریم نے اس تصوُّر کو کس طرح بیان کیا ہے۔قرآن کہتا ہے:

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ .(۳۶)

''جس دن ہم جہنم سے کہیں گے: کیا تو بھر گئی؟اور وہ گویا ہوگی: کیا کچھ اور بھی ہے؟''

کوئی مستشرق وُسعت کے اِس تصوُّر تک نہیں پہنچ سکا تھا۔ اُنھوں نے اِس بات کو تسلیم کیا کہ اس کتاب سے زیادہ بلیغ کوئی کتاب دنیا میں نہیں ہے۔(۳۷)

یہاں ایک پہلو اور غور طلب ہے کہ دنیا کی ساری پُرانی زبانیں رفتہ رفتہ زمانے کی دستبرد کا شکا رہوتی گئیں۔ مثلاً؛ برصغیر کے قدیم زمانے میں ہند میں سنسکرت کا طوطی بولتا تھا؛ لاطینی زبان پورے سنیٹرل یورپ میں بولی اور سمجھی جاتی تھی؛ اِسی طرح کسی زمانے میں یونانی زبان کا بڑا چرچا تھا۔یہ ساری زبانیں اپنی موت آپ مر گئیں ،اور اِن کا رواج متروک ہوگیا؛ مگر عربی زبان اپنے تمام تر شکوہ اور توانائی کے ساتھ قائم و دائم ہے ۔ دیگر زبانوں کے معدوم ہوجانے کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ ان ساری زبانوں کو دراصل قرآن جیسی کسی کتاب کی سرپرستی حاصل نہ ہوئی۔قرآن کے اعجاز کا ایک بہت بڑا پہلو یہ بھی ہے کہ اِس کے وسیلے سے عربی زبان آج تک اُسی طرح تروتازہ ہے، جیسے آج سے ساڑھے چودہ سو سال پہلے تھی ۔زبانوں کی تبدیلی کا احوال ملاحظہ کریں تو قرآن کے اعجاز کا یہ پہلو روز روشن کی طرح عیاں

ہو جاتا ہے۔عربی کے علاوہ دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں جو ساڑھے چودہ سو سال تو درکنار ،صرف تین چار سو سال تک بعینہ اپنی حالت پر قائم رہ سکی ہو۔آج کی سب سے ترقی یافتہ اور بین الاقومی زبان انگریزی ہی کو دیکھ لیجیے۔انگریزی کا مشہور شاعر چوسر،جس کی نظمیں کالاسیکل لٹریچر کے ضمن میں، ہمارے ہاں ایم ۔اے انگریزی وغیرہ کے نصاب میں بھی شامل ہیں،کی انگریزی آج کی انگریزی سے یکسر مختلف ہے ۔یہاں تک کہ آج کا کوئی بھی انگریزی دان،جس کو چوسر کی شاعری کا علم نہ ہو، یا اس نے کسی ماہر استاد سے اسے پڑھا نہ ہو،نہ صرف یہ کہ سمجھ نہ سکے گا ، بلکہ اسے کسی طرح انگریزی شاعری ہی قرار نہ دے گا۔اردو کو دیکھیں تو ولی دکنی کے زمانے کی اردو اور آج کی اردو میں زمین آسمان کا فرق نظر آئے گا۔وعلی ھذا القیاس،آج دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں جو صرف چار پانچ سو سال سے بعینہ موجود ہو۔اس کے برعکس عربی زبان آج بھی وہی ہے ،جو نزول قرآن کے زمانے میں تھی ۔عربی زبان کے اس حیرت انگیز بقا و دوام کا راز قرآن کریم ہے ۔یہ عربی مقولہ اپنی جگہ انتہائی اہم ہے :

"لو لاالقرآن لما کانت العربیة"

''اگر قرآن نہ ہوتا تو عربی زبان بھی باقی نہ رہتی۔''

آج کے دور میں چھوٹی بڑی بائیس عرب ریاستیں ہیں؛ ان ساری عرب ریاستوں کی دفتری زبان عربی ہے اور یہ عربی بھی وہ ہے، جو قرآنِ کریم سے ماخوذ ہے۔عربی زبان کے تمام تر قواعد قرآنِ کریم سے لیے گئے ہیں۔قرآن کریم عربی زبان کی سب سے پہلی اور سب سے بلیغ کتاب ہے اور اِس میں کوئی شک نہیں کہ اگر قرآن نہ ہوتا تو عربی زبان بھی موجودہ صورت میں آج باقی نہ ہوتی۔ یہ امر بذاتِ خود قرآن کے مسلسل معجزہ ہونے کی واضح دلیل ہے۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی اپنی جگہ اہم ہے کہ قرآنِ کریم کو بہت آسان بنایا گیا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے :

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (۳۸)

''اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا ہے، تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے۔''

عربی زبان میں یہ وصف بدرجہ اتم موجود ہے کہ سیکھنے، سمجھنے اور ہدایت پانے والوں کے لیے یہ کوئی مشکل زبان نہیں ہے۔قرآن حکیم کی حسب ذیل آیت اسی حقیقت کو واضح کر رہی ہے:

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ. (۳۹)

''بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا تا کہ تم سمجھو۔''

یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مستشرقین نے مختلف عرب ممالک کے مقامی عربی لہجات کو الگ الگ زبان کا درجہ دلوانے کے لیے سر توڑ کوششیں کیں۔مثال کے طور پر پروفیسر John Haywood یمن میں کم وبیش بیس سال مقیم رہا اور یمن کی عربی زبان کی الگ شناخت کے لیے کوشاں رہا۔متعدد مستشرقین نے مصر، لیبیا، الجزائر، شام اور سعودی عرب جیسے ممالک کے مقامی لہجات کو الگ الگ زبانوں کے طور پر منوانے کے لیے الگ الگ کتب تحریر کیں۔چونکہ سبھی چھوٹے بڑے بائیس عرب ممالک کی دفتری زبان فصیح عربی ہی ہے، جو قرآن کے جلو میں ہمیشہ چلتی رہی ہے، چنانچہ مستشرقین کی کوئی کوشش بھی بار آور نہیں ہوئی، اور ان شاء اللہ اس کتاب عظیم کی برکت سے عربی زبان یونہی ایک زندہ زبان رہے گی۔

☆☆☆☆

حوالہ جات وحواشی

۱۔ اقبال،علاّمہ محمد،کلیات اقبال فارسی،لاہور،شیخ غلام علی انڈ سنز، ۱۹۷۵،ص۱۲۱،۶۵۴، ۶۶۹۔

۲۔ ابن حنبل،احمد،مسندابن حنبل، بیروت،دار احیا التراث العربی ،الطبعۃ الثانیہ،۱۹۹۳ء/۱۴۱۴ھ، ج۶،ص ۲۲۶-۲۲۸۔

۳۔ القرآن ،طہ۲۰:۱۳۳۔

۴۔ القرآن ،الاعلیٰ۸۷:۱۸-۱۹۔

۵۔ الآلوسی،شہاب الدین محمود البغدادی،روح المعانی فی تفسیر القرآن المجید والسبع المثانی، بیروت ،دارالفکر، ۱۹۹۷ء/ ۱۴۱۷ھ،ج۱،ص۱۹۔ابو عبید،معمر، مجاز القرآن (تحقیق، فواد سیزگین)،مؤسسۃ الرسالۃ،الطبعۃ الثانیۃ، ۱۹۸۱ء/۱۴۰۱ھ، ج۲، ۲۷۸۔

۶۔ السیوطی،جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر،الاتقان فی علوم القرآن،الریاض،مکتبۃ المعارف ،الطبعۃ الاولیٰ ، ۱۹۹۶ء/ ۱۴۱۶ھ،ج۱،ص۱۹۹۔

۷۔ المصنّف السابق، المزہر فی علوم اللغۃ وأنواعھا،مصر،عیسی البابی الحلبی وأولادہ،الطبعۃ الثانیۃ، ج۱، ص۱۲۷۔

۸۔ المرجع السابق۔

۹۔ الطبری ،ابن جریر،جامع البیان عن تاویل ای القرآن،بیروت، دارالفکر، ۱۴۰۸ھ، ج۱، ص۸-۹۔السیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر،الاتقان فی علوم القرآن، ج۱، ص۳۳۔

۱۰۔ ایسے الفاظ جو بدیسی زبانوں سے لے کر عربی قالب میں ڈھالے گئے ہوں۔

۱۱۔ اس موضوع کو دور جدید کے مختلف نامور عربی لغت دان شرح و بسط کے ساتھ اپنی کتابوں میں زیر بحث لائے ہیں،جن میں سے خاص طور پر الدکتور صبحی الصالح کی دراسات فی فقہ اللغۃ اور الدکتور رمضان عبدالتواب کی شہرہ آفاق کتاب فصول فی فقہ العربیۃ قابل ذکر ہیں۔

12. Stetkevych, Jaroslav, The Modern Arabic Literary Language_Lexical and Stylistic Developments, The University of Chicago Press ,1970, p.1.

۱۳۔ عبد اللہ بن عباس، کتاب اللغات فی القرآن، تحقیق: صلاح الدین المنجّد، القاہرہ، ۱۹۴۶ء، ص۵-۷۔

۱۴۔ العجلونی، اسماعیل بن محمد، کشف الخفاء ومزیل الالباس، دمشق، مکتبۃ الغزالی، ب۔ت، ج۱، ص۷۰۔

۱۵۔ مطر، عبدالعزیز، لحن العامۃ فی ضوء الدراسات اللغویۃ الحدیثۃ القاھرۃ، ۱۹۸۱ء ص۱۷۔۳۶

۱۶۔ امیل یعقوب، معجم الخطأ والصواب ص۲۲۔۲۴

۱۷۔ الشاطبی، ابواسحاق ابراھیم بن موسیٰ الغرناطی المالکی، الموافقات فی اصول الشریعۃ، القاھرہ ۲۰۰۶ء ج۱، ص۳۲۱۔

۱۸۔ السیوطی، جلال الدین، الاتقان فی علوم القرآن، ج۱ص ۱۲۰

۱۹۔ القرآن، الکوثر ۱۰۸:۱-۳۔

۲۰۔ وافی، عبدالواحد، فقہ اللغۃ۔لجنۃ البیان العربی، ۱۳۸۸ھ، ص۱۰۸۔

ابن الانباری، محمد بن قاسم، کتاب الایضاح عن الوقف والابتداء، دمشق، ۱۹۷۱ء، ص۱۲۔

مزید تفصیل کیلئے دیکھئے: عمر فروخ، المنھاج فی الادب العربی وتاریخہ، بیروت، المکتبۃ العصریۃ۔

۲۱۔ القلقشندی، ابوالعباس، احمد بن علی، صبح الأعشی فی صناعۃ الأنشاء، دارالثقافۃ والارشاد القوافی، الموسسۃ المصریۃ، ب۔ت، ج۱، ص۱۴۹۔ البیہقی، الخصائص الکبری، بیروت، دارالفکر، ب۔ت، ص۱۱۵۔

۲۲۔ اقبال، علاّمہ محمد، حوالہ مذکور، ص۶۶۹۔

۲۳۔ مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ، ب۔ت، ص۱۱۵۔

۲۴۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، بیروت، دارالفکر، الطبعۃ الثانیۃ، ۱۹۹۷ء/ ۱۴۱۸ھ، ج۵، ص۲۸۔۳۳۔

۲۵۔ القرآن، القارعۃ، ۱۰۱:۱-۱۱۔

۲۶۔ الطبری، ابن جریر، تاریخ الطبری، بیروت، الموسسۃ العلمیۃ للمطبوعات، ۱۹۹۸ء/ ۱۴۱۸ھ، ج۳، ص۱۳۱۔

مصطفیٰ صادق ،الرافعی،اعجاز القرآن والبلاغۃ النبویۃ،بیروت ،دارلکتاب العربی، ب۔ت، ص۱۷۳۔۱۷۴۔

۲۷۔ الخطابی والجرجانی ،فی ثلاث رسائل فی اعجازالقرآن، مصر، دارالمعارف، ب۔ت، ص۵۰۔۵۵۔

۲۸۔ البقرۃ۲:۲۳۔

۲۹۔ واضح رہے کہ بہت سے عرب مسیحی ہیں، لبنان میں کم وبیش چالیس یا پچاس فی صد مسیحی آباد ہیں۔اسی طرح مصر میں بھی مسیحیوں کی کافی تعداد ہے۔

۳۰۔ القرآن،مریم۱۹:۵۸۔

۳۱۔ الانجیل للقدیس متیؔ ۲:۱۱،ص۱۲۔

۳۲۔ القرآن،یٰسین۳۶:۷۸۔

۳۳۔ الانجیل للقدیس متیؔ ۱۳:۳۱،ص۸۱۔

۳۴۔ القرآن،لقمن۳۱:۱۶۔

۳۵۔ الانجیل للقدیس متیؔ ۱۳:۳۱،ص۸۱۔

۳۶۔ القرآن، ق۵۰:۳۰۔

۳۷۔ طنطاوی،جوہری ،الجواہر فی تفسیر القرآن(بذیل سورۃ الاعراف:۱۸، سورۃ ق:۳۰)، بیروت ، داراحیاء التراث العربی ، الطبعۃ الرابعۃ،۱۴۱۲ھ۱۹۹۱ء۔

۳۸۔ القرآن ،القمر۵۴:۴۰۔

۳۹۔ القرآن، یوسف۱۲:۲۔

❁.....❁.....❁

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.79, 2010, pp 27 - 46

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، اپریل۔ جون ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۹

مثنوی رمز العباد کا ایک نادر اور نایاب مخطوطہ

پروفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد☆

Abstract:

Haji Muhammad Naushah Ganj Bukhash was a famous Sufi of the Punjab who also contributed a lot to Punjabi and Urdu languages. Masnawi namely "Gunj al Asrar or Ramz al Ibad" is a master piece of his sufi poetry in urdu. Some scholars doubt the attribution of the Masnawi to him. Luckily, the author of this research article somehow discovered a manuscript of Hazrat Nousha's poetry written in 11 th century al Hijra. The article is furnished with the text of the Masnawi along with a detailed discussion regarding the literary beauties of the said Masnawi.

جنوبی ایشیا کے اس خطے میں جن جلیل القدر اولیائے عظّام نے مخلوقِ خدا کی دینی و دنیاوی رہنمائی کے لیے علم و حکمت کے چراغ روشن کیے ان میں حضرت حاجی محمد المعروف بہ نوشہ گنج بخش قادریؒ کا نام نامی نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ آپ ۱۰۱۴ھ/ ۱۶۰۵ء (۱) موضع گھگانوالی تحصیل پھالیہ ضلع گجرات (موجودہ منڈی بہاء الدین) میں پیدا ہوئے اور ۱۱۰۳ھ/۱۶۹۱ء میں وصال فرمایا(۲) مزار موضع رنمل شریف میں ہے۔آپ کے آباؤ اجداد اپنی

☆ چیئرمین، شعبہ پنجابی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی لاہور

خاندانی شرافت و نجابت اور تقویٰ و پرہیزگاری میں مشہور تھے۔ خصوصاً آپ کے والد بزرگوار حضرت شیخ علاؤ الدینؒ جنہوں نے سات بار پیدل حج کی سعادت حاصل کی اور آپ کے چچا شیخ رحیم الدینؒ نیکی و پارسائی میں یکتائے روزگار تھے۔ عہدِ مغلیہ کے نامور صاحبِ طرز ادیب محمد ماہ صداقت کنجاہی نے اُن کا ذکر یوں کیا ہے:

''دودمان مجموعہ کرامت ایشان، درقلمرو پنجاب بمشق صلاح وتقویٰ روشنائی دارد۔ و فہرست کمالات معانیٔ پنہانی ، آں صفاکیش ، چوں نوشتہ کراماً کاتبین محومنسی نتواند شد۔ خصوصاً شیخ رحیم الدین عم بزرگوار آں چراغ دودۂ کبارعم انوارہ ،کہ چوں معنی ، صاحب لفظ بودہ۔ ریاضت ذوالنون خمیدہ پشت و بجنب مجاہدۂ آں شمشیر قطع تعلقات چوں نوں تنوین، وجود نداشت، وقربانیٔ مقام ابراہیم فنافی اللہ یعنی شیخ علاء الدین ، قبلہ گاہ حاجیٔ کعبہ وجہ اللہ کہ جادہ پیمائی ابراہیم ادھم، چوں نقش مسطر، برائے بیت می شمرد، یک نفس بے سفر، کعبۂ قبلہ نما ، آرام دلش ممکن نبود۔ قامت خم گشتۂ او، برنگ حطیم ، زیارت گاہ داستان و دِل پُرشور زمزم دار، صفا بخشِ پاکبازاں۔ از رشک داغ عشق ، آں مشکیں کاکل مسکین نواز حجرالاسود در سوادِ کعبہ چوں خال چہرہ حبشی،مستور۔ وازشرمِ حق گزاریٔ آں ابن السبیل سعادت، دمساز، ام القریٰ، عروس وار بحیا مشہور۔ کعبۂ پشمینہ پوش، باستقبال آں لبریز، زمزمہ شورعشق، چوں صوفیٔ وجہ پرداز، از خویش می رفت۔ وکوہِ صفا تبعظیمِ آں گوہرِ کانِ صدق، مانند صدا، از سرخویش برمی خاست۔ شہرت برہفت حج آں دیباچہ ہشت بہشت برنگ سبعہ سیارہ حکم تواتر دارد ..... مجموعہ تقویٰ و طہارت ''بی بی جیونی'' والدۂ ماجدۂ آں ابوالوقت، آں قدر جدوجہد عصمت و پاکی داشت کہ توحیدِ رابعۂ بصری پیش

تفرید آں یگانہ عصر صفروار در ہیچ شمار نبود۔''(۳)

آپ کے والد اور چچا اپنے آبائی علاقہ موضع پنن وال (تحصیل پنڈ دادن خاں) سے ہجرت کر کے گھگانوالی میں سکونت پذیر ہوئے تھے۔ اشرف منچری کی کنز الرحمت (قلمی) اور حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی اولاد میں سے سائیں حسن محمد کی تصنیف تحائف اصفیاء سے بھی اسی حقیقت کی تصدیق ہوتی ہے۔ بقول سائیں حسن محمد:

پنن وال پہلے تھا آرام گاہ
وہاں راجپوتوں کا تھا عزو جاہ
حضرت بھی خود راجپوتوں میں تھے
ولے اقرباؤں کو نہ جانتے(۴)

آپ نے ابتدائی تعلیم قریبی گاؤں جاگو تارڑ کے مدرسہ سے حاصل کی اور بعد ازاں باطنی تربیت کے لیے بھلوال جا کر سلسلہ قادریہ کے معروف روحانی بزرگ حضرت شیخ سلیمان نوریؒ حضوری کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ آپ ایک عرصہ تک ان کی خدمت میں رہے اور مرشد کامل کی نگرانی میں سلوک کی منازل طے کیں۔ مرشد نے خلافت و اجازت سے نوازا اور انہیں نوشہرہ تارڑاں میں اپنا تبلیغی مرکز قائم کرنے کا حکم دیا۔

آپ کے خلفاء کی ایک قابل ذکر تعداد پنجاب، کشمیر اور افغانستان تک پھیلی ہوئی تھی چنانچہ آپ کی تبلیغی کوششوں سے ہزاروں افراد کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی۔ آپ نے وعظ و نصیحت کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ آپ کی تصانیف ایک عرصہ تک پردہ اخفا میں رہیں مگر اب ان میں سے اردو مثنوی گنج الاسرار ۱۹۶۴ء میں، پنجابی نثری وعظ مواعظ نوشہ کے نام سے ۱۹۶۸ء اور ۱۹۷۳ء میں اردو شاعری انتخاب گنج شریف ۱۹۷۵ء میں ملفوظات چہار بہار فارسی ۱۹۷۹ء اور پنجابی شاعری گنج شریف پنجابی ۱۹۸۰ء میں منظر عام پر آ چکے ہیں۔

مثنوی گنج الاسرار مذکور بہت سے دیگر ناموں سے متعارف رہی ہے۔ جیسے بیان اشغال، رمزالعشق، گیان لہر، رمزالعباد، واحد نامہ، کلام الملوک، وحدۃ نامہ، بیان تصوف، نسخہ طریقت اور راہ سلوک وغیرہ۔ آپ کی شاعری انتخاب گنج شریف اور خصوصاً مثنوی گنج الاسرار (رمز العباد) کے بارے میں خورشید احمد خاں نے اورینٹل کالج میگزین صد سالہ نمبر۱۹۸۲ء میں ایک مقالہ ''حضرت نوشہ گنج بخشؒ سے منسوب اردو شاعری کی اصل حقیقت'' کے عنوان سے لکھا۔ جس کا لبِ لباب یہ تھا کہ یہ اردو کلام نوشہ صاحب کا نہیں خصوصاً گنج الاسرار غلام محی الدین میر پوری کی تصنیف ہے۔ اعتراض کی بنیاد یہ تھی کہ کوئی ایسا مخطوطہ موجود نہیں جو یہ شہادت پیش کر سکے کہ یہ غلام محی الدین میر پوری کی تصنیف (۱۱۳۱ھ) سے قبل کا تحریر شدہ ہے۔ راقم نے ۱۹۸۸ء میں اپنا پی ایچ-ڈی کا مقالہ'' نوشہ گنج بخش حیاتی ،فکر تے فن'' مکمل کیا تو اس کے دوسرے باب میں مثنوی کی زبان اور اندرونی شہادتوں کی بنا پر اسکا مدلل جواب دے کر ثابت کیا تھا کہ گنج الاسرار نوشہ گنج بخشؒ کی ہی تصنیف ہے اور غلام محی الدین میر پوری نے اس کے تتبع میں اپنی گنج الاسرار لکھنے کی کوشش کی ہے۔ مگر اس وقت تک کوئی ایسا مخطوطہ راقم کی نظر سے بھی نہیں گزرا تھا جو ۱۱۳۱ھ سے قبل کا ہو۔ البتہ راقم السطور نے اس امر کا اظہار ضرور کیا تھا کہ نوشہ صاحبؒ کی اولاد میں سے محترم برق نوشاہی مرحوم نے ایک ملاقات میں بتایا تھا کہ انہوں نے موضع چومک آزاد کشمیر کے ایک نجی کتب خانے میں گنج الاسرار کا ایک مخطوطہ ضرور دیکھا تھا جس پر ۱۱۰۷ھ درج تھا اور گنج الاسرار کے اشعار نوشہ صاحب کے نام سے ہی تحریر تھے۔ اس مخطوطے کا آزاد کشمیر کے علاقے میں موجود ہونا اس لیے بھی قرین قیاس ہے کہ حضرت نوشہؒ کے مرید و خلیفہ حضرت عبداللہ چومکیؒ اور حافظ طاہرؒ اس علاقے میں قیام پذیر تھے اور مخلوق خدا کی دینی و روحانی رہنمائی کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ نیز نوشاہی فقراء نے چونکہ ساڑھے تین سو سال سے اسے نوشہ صاحبؒ کی تصنیف سمجھتے ہوئے اپنے ذکرفکر کے لیے اپنا رکھا ہے اور بہت سے درویشوں کو یہ حفظ ہے اور وہ اپنے سالکین کو اس کا درس بھی دیتے ہیں۔

اس لیے اس حقیقت کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ نوشہ صاحبؒ کی ہی تصنیف لطیف ہے۔ مگر اب اس حقیقت کی تصدیق کے لیے ایک اور نا قابل تردید تحریری ثبوت رمز العباد (گنج الاسرار) کے نو دریافت شدہ قلمی نسخے کے روپ میں مل گیا ہے۔

نسخے کا تعارف

دو سال قبل محترم دیوانِ شاہ ہمدان سید وقار علی حیدر ہمدانی نوشاہی (قصور) کے توسل سے رمزالعباد (گنج الاسرار) کا ایک قلمی نسخہ ملا۔ اب تک دریافت ہونے والے نسخوں میں یہ شاید قدیم ترین ہے۔ کیونکہ اس پر سن تحریر ۱۱۰۰ ہجری درج ہے۔ موٹے اور کھردرے سفید کاغذ کے پانچ اوراق پر مشتمل اس نسخے کا سائز ۲۵ × ۱۶- س.م ہے۔ پہلے ورق پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے نیچے خط نسخ میں کلام الملوک، ملوک الکلام اور پھر عربی سٹائل میں رمز العباد جلی قلم سے لکھا ہوا ہے۔ اس کے نیچے ورق کے عین وسط میں باریک قلم میں تصنیف لطیف اور خط نستعلیق میں نمایاں قلم سے حاجی محمد نوشہ گنج بخش مجدد اعظم رنمل شریف گجرات، لکھا ہے آخر میں مرتب کا نام یوں تحریر ہے:

''فقیر سید جمال شاہ گیلانی قادری نوشاہی ساکن ہیبت پور پٹی در شہر قصور''

یہ نسخہ فقیر سید جمال شاہ گیلانیؒ (م ۱۱۶۲ھ) کے اپنے ہاتھ کا تحریر کیا ہوا ہے کیونکہ پہلے ورق کے پشت پر آٹھ سطور میں درج ہے۔

''باسمہٖ تعالےٰ

مسمیٰ الفقیر سید جمال شاہ گیلانی عرض گزار ہے کہ میں نے رمزالعباد اپنے پیر و مرشد جناب حضرت پیر سچیار قادری نوشاہی کی ذاتی بیاض سے نقل کیا ہے۔

درنقل شدہ نسخہ تاریخ ۷۔ ربیع الاول ۱۱۰۰ھ ہجری ''ذوالجلال والاکرام''

آستانہ عالیہ قادریہ نوشاہیہ ہیبت پور پٹی در شہر قصور''

دوسرے ورق سے مثنوی کا باقاعدہ آغاز ہوتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد

رمزالعباد جلی قلم میں اور پھر درمیانی قلم سے خط نستعلیق میں پہلا شعر یوں درج ہے:

''جس ذات کا اللہ ناؤں اس کا تجھے بتاؤں تھاؤں''

کتاب کے نام اور پہلے شعر کے گرد سنہرے بیل بوٹے کا کام ہوا ہے۔ ورق کے بقیہ حصے پر پانچ اشعار درج ہیں۔ ورق ۲۔ ب تا ورق ۵۔ الف ،۱۲۔سطور فی صفحہ، جبکہ ورق ۵۔ب پر دس سطور یعنی آٹھ اشعار رقم کیے گئے ہیں۔ آخری شعر:

رمز العباد ہے اس کا نام
نوشہ ظاہر کیے تمام

آخری شعر کے علاوہ پورے نسخے میں کہیں کہیں بعض اشعار کے گرد بھی سنہرے کا کام کیا گیا ہے۔

افادیت

اس نسخے کی افادیت کئی حوالوں سے بنتی ہے:

۱۔ اب تک دریافت ہونے والے نسخوں میں یہ سب سے قدیم ترین ہے۔

۲۔ اس پر سن تحریر ۱۱۰۰ ہجری درج ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی حیاتِ مبارکہ میں ہی نقل کیا گیا ہے کیونکہ حضرت نوشہؒ کا سال وفات ۱۱۰۳ ہجری ہے۔

۳۔ مخطوطے کا اصل ماخذ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے خلیفہ حضرت پیر محمد سچیارؒ (وفات ۱۱۲۰ھ) کے پاس تھا۔ جو یقیناً انہیں اپنے مرشد نوشہ صاحبؒ کی بارگاہ سے عطا ہوا ہوگا۔

۴۔ سید جمال شاہ گیلانی نے جب یہ نسخہ نقل کیا تو اس وقت نوشہ صاحبؒ موضع رنمل میں رہائش پذیر تھے کیونکہ ٹائٹل پر رنمل شریف گجرات کا ذکر موجود ہے۔

۵۔ سید جمال شاہ گیلانی نے جب یہ نسخہ نوشہ صاحبؒ کی حیات مبارکہ میں نقل کیا ہے تو انہیں اپنے دادا مرشد (حضرت نوشہؒ) کی زیارت کا شرف بھی ملا ہوگا۔

۶۔ نسخہ نقل کرتے وقت جن لفظیات کی سہواً تبدیلی واقع ہوئی، اس کے متبادل اصل لفظ

ہاشیہ میں درج کیے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ تین چار لفظ ہی ہیں۔

۷۔ ورق ۵۔الف پر اُن حروف مقطعات کی وضاحت ہے جو سالک کو سجدے کی حالت میں پڑھنے ہوتے ہیں بلکہ ان کو کتنی تعداد میں پڑھنا ہے اس کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے۔

۸۔ رمز العباد کا یہ نسخہ سید جمال شاہ گیلانیؒ کے اپنے ہاتھ کا نقل کردہ ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ نہ صرف ظاہری و باطنی علوم میں یگانہ بلکہ عمدہ خطاط بھی تھے۔

۹۔ ۸۷۔اشعار پر مشتمل اس نسخے کے مل جانے سے یہ تحقیق بھی ہو سکے گی کہ مطبوعہ نسخہ جات میں الحاقی اشعار کونسے ہیں اور ان کی تعداد کتنی ہے اور انہیں کس عہد میں رمز العباد کا حصہ بنایا گیا۔

۱۰۔ اس نسخے کا متن مکمل ہے اور خوبصورت خط نستعلیق میں ہے۔ اس لیے پڑھنے میں کوئی خاص مشکل پیش نہیں آتی۔

۱۱۔ ۱۱۰۰ہجری میں نقل کیے جانے والے اس مخطوطے کے پہلے ورق پر رمز العباد تصنیف لطیف حاجی محمد نوشہ گنج بخش مجدد اعظم رَمل شریف لکھا ہے۔ اگر آپ اُس وقت تک رحلت فرما چکے ہوتے تو نام کے ساتھ رحمتہ اللہ علیہ ضرور لکھا ہوتا۔ اس سے یہ حقیقت بھی اظہر من الشّمس ہوتی ہے کہ آپ اپنی ظاہری حیات میں ہی رَمل شریف تشریف لے آئے تھے اور یوں محکمہ مال کے کاغذات میں درج اس بیان کی تصدیق بھی ہو جاتی ہے جو موضع رَمل کی مسل حقیت سے متعلق ہے کہ:

> ''مسمی نوشہ صاحب فقیر قوم راجپوت گوت جالپ بطور سیاحی اس جگہ آیا۔ لب دریا مکانات ومسجد وغیرہ بنوائی۔ صدمہ دریا سے وہ مکان بُرد ہوگئے، پھر بعد مرنے نوشہ صاحب فقیر کی اولاد اس کی خانقاہ ومسجد وغیرہ مکانات بعمارت پختہ بنائے تب سے یہ قوم فقیر نوشاہی بھی مالک ہے اور دیگر اقوام متفرق مندرجہ شجرہ نسب بندوبست گزشتہ میں پیش گاہ صاحب سپرنٹنڈنٹ سے مالک بن گئے۔ کیفیت مفصل محاذ نام ان کے درج ہے۔'' بلفظہٖ (۵)

رمز العباد کی ادبی و لسانی اہمیت

یہ سچ ہے کہ دیگر بزرگان دین کی طرح نوشہ صاحبؒ نے بھی شاعری کو اپنے صوفیانہ افکار کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ ان کے ہاں فن کی حیثیت ثانوی ہے۔ مگر تبلیغ و اشاعتِ دین میں خودبخود ادبی و لسانی نکھار پیدا ہوتا رہا ہے۔ اگرچہ ان بزرگانِ دین کا تعلق اسرار و رموزِ شعر سے باقاعدہ اُن شعراء کی طرح نہ تھا جو شاہی درباروں کی سرپرستی میں فنِ شعر کی زلفیں سنوارتے رہے۔ لیکن جب چاروں طرف شعر و ادب کی تحسین ہو رہی تو معاشرے کا ایک اہم فرد ہونے کے ناطے صوفیا بھی اس کے اثرات سے مبرا نہیں ہو سکتے تھے۔ شاید اسی سبب ایسے صوفیانہ کلام میں بہت سی ادبی و لسانی خوبیاں پیدا ہوگئی ہیں، جو رمز العباد میں بھی نظر آتی ہیں۔ مگر انہیں سمجھنے کے لیے اُردو مثنوی نگاری کے سیاسی ، سماجی اور تاریخی پس منظر کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔

بہمنی سلطنت کے روبہ زوال ہونے کے نتیجے میں گولکنڈہ ، بیجاپور اور احمد نگر کی ریاستوں کا وجود عمل میں آیا تو قطب شاہی حکمرانوں کے ہندو خاندانوں کے ساتھ راہ و رسم بھی بڑھنے لگے اور یوں مقامی زبانوں کا اُس دور کی اردو زبان پر اثر انداز ہونا فطری امر تھا۔ جس کے بعد اردو کا نیا روپ سامنے آنے لگا۔ ان ریاستوں کے حاکم نہ صرف خود شاعر تھے بلکہ شعر و ادب کی سرپرستی ان کا طُرۂ امتیاز تھا۔ غواصی ، ملاّ قطبی، ابن نشاطی، جنیدی، طبعی، فائز مرزا اور مومن جیسے نامور شاعروں کو گولکنڈہ کے دربار کی سرپرستی حاصل ہے۔ خود قلی قطب شاہ کے اٹھارہ سو صفحات پر مشتمل دیوان میں مثنوی، قصیدہ، ترجیع بند اور رباعی ملتی ہے۔ گویا ان اصناف سخن کا رواج مقبولیت حاصل کر رہا تھا جن میں فطری مناظر، مجازی و حقیقی عشقیہ رنگ کے علاوہ مقامی ثقافتی حوالے ، خوبصورت تشبیہات و استعارات کے ساتھ موجود تھے۔ بلکہ رام بابو سکسینہ نے تو یہ گمان بھی ظاہر کیا کہ قطب شاہی عہد سے پہلے بھی مذہبی مثنویاں موجود تھیں مگر وہ کسی ادبی درجہ کی حامل نہ تھیں۔(۶) آگے چل کر ولی دکنی کے کلام میں فارسی تشبیہات ، استعارے

اور ہندی تراکیب کے ساتھ ساتھ خالص پنجابی کے الفاظ، ترکیبیں اور محاورے، اس کی شاعری کے حسن میں اضافہ کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ قلی قطب شاہ کے داماد اور جانشین سلطان محمد قطب شاہ اور پھر اس کے بیٹے سلطان عبداللہ شاہ کے عہد میں روایتی قصے مثنوی کے انداز میں عام لکھے گئے۔ ابن نشاطی کی مثنوی ''پھول بن''، غواصی کی ''سیف الملوک''، ''طوطی نامہ''، جنیدی کی '' ماہِ پیکر''، طبعی کی '' بہرام وگل اندام''، تحسین الدین کی '' قصہ کامروپ'' اور فائز کی ''قصہ رضوان شاہ'' اسی دور یعنی سترھویں صدی عیسوی کی یادگار ہیں۔

بیجاپور کے حکمران بھی علم و ادب کی سرپرستی میں کسی سے پیچھے رہنے والے نہیں تھے۔ ابراہیم عادل شاہ نے شاعری کے ساتھ ساتھ فن موسیقی کو بھی عروج دیا۔ البتہ شاعری کے میدان میں اس دور کو ایک خوبی جو سب سے نمایاں کرتی ہے وہ یہ ہے کہ مذہبی اور صوفیانہ مضامین مثنوی کا دامن بھرنے لگے۔ چنانچہ سید میراں ہاشمی کی ضخیم مثنوی یوسف زلیخا (۱۶۸۷ء)، شاہ ملک کا رسالہ احکام الصلوٰۃ (۱۶۷۵ء)، شا امین کے دو رسالے قربیہ اور وجودیہ، قاضی محمود بحری کی مثنوی '' من لگن'' (۱۷۰۰ء)، اسی رنگ کی آئینہ دار ہیں۔ ڈاکٹر عبدالحق کے مطابق شمالی ہندوستان میں سب سے قدیم مثنوی اسماعیل امروہوی کی ''تولد نامہ حضرت فاطمہؓ '' ہے جو ۱۰۵۴ھ تا ۱۱۲۳ھ کے درمیان لکھی گئی ہے مگر:

> '' ادبی اعتبار سے اس کتاب کی کوئی اہمیت نہیں۔ بہت ہی معمولی درجے کی ہے۔ لیکن اس سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت دلی کے آس پاس کے اضلاع اور قصبات میں زبان کیسی تھی۔'' (۷)

اسماعیل امروہوی کی ایک اور مثنوی ''معجزہ انار'' کا ذکر بھی ملتا ہے۔ حامد اللہ افسر نے شمالی ہند میں میر تقی میر (پ ۱۱۳۷ھ) کو مثنوی کا پہلا شاعر قرار دیا ہے(۸) جبکہ سید مسعود حسن رضوی کی رائے میں یہ اعزاز فائز دہلوی کو جاتا ہے جس نے مثنوی '' قصہ رضوان شاہ'' ۱۰۹۴ھ میں لکھی۔(۹) اس کے مقابلے میں دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ رمز العباد (گنج الاسرار)

۱۰۵۰ھ تا ۱۰۶۰ھ کی تصنیف ہے۔(۱۰) ڈاکٹر گوہر نوشاہی کے خیال میں نوشہ صاحبؒ نے اسے ۱۰۶۴ھ میں تصنیف کیا ہے۔ (۱۱) یوں اس کی لسانی و تاریخی اہمیت دیگر مثنویات سے کہیں زیادہ ہے۔

اس پورے پس منظر سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ گیارہویں صدی ہجری میں پورے ہندوستان میں اردو شعر کی جو صورت تخلیق ہو رہی تھی اس پر ہندی، سنسکرت ، پنجابی ، بھاشا اور دیگر مقامی لہجوں کے اثرات بہت گہرے اور نمایاں تھے، مگر پنجاب کے مرکزی علاقے میں جو اُردو شاعری تخلیق ہو رہی تھی وہ اس لحاظ سے قدرے صاف، رواں اور عام فہم تھی کہ اس کا جھکاؤ زیادہ تر فارسی زبان و تہذیب کی طرف ہوتا جا رہا تھا اور اس کا عکس نوشہ صاحبؒ کی مثنوی میں الفاظ و اصطلاحات کی صورت نظر آتا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر جمیل جالبی کی اس رائے سے اتفاق کرنا پڑتا ہے کہ:

> ''گیارہویں صدی ہجری میں ہمیں مثنوی ، غزل اور مخمس بھی نظر آنے لگتے ہیں۔ ہم واضح طور پر محسوس کرنے لگتے ہیں کہ فارسی تہذیب، ہندوی تہذیب پر غالب آ گئی ہے۔ اب ہندوی اصناف سخن اور بحور ٹکسال باہر ہو رہے ہیں اور فارسی اصناف و بحور ان کی جگہ لے رہے ہیں۔ حاجی محمد نوشہ گنج بخشؒ کی مثنوی گنج الاسرار، شاہ مراد خانپوری اور رحمان بابا کا کلام اور عبدالحکیم عطا ٹھٹھوی کی غزلیں اسی تہذیبی اثر کی واضح مثالیں ہیں۔''(۱۲)

رمز العباد (گنج الاسرار) کا لسانی و فنی حوالے سے مطالعہ اس بات کا ثبوت فراہم کرتا ہے کہ:

> ''مناسب اور موزوں قوافی کے استعمال کے علاوہ اشعار میں بے حد روانی اور تسلسل ہے۔ الفاظ کا صوتی آہنگ مثنوی کے اشعار میں ترنم اور موسیقی کی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ مثنوی کی زبان پر (کسی حد تک) ہندی کا گہرا اثر ہے۔ اسی بنا پر محترم شرافت نوشاہی مرحوم نے اس مثنوی کی زبان کو

ہندی قرار دیا ہے حالانکہ یہ ہندی نہیں بلکہ اُس دور کی اُردو کا بہترین نمونہ ہے۔ جسے قدیم زمانے میں ہندوی کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔'' (۱۳)

پروفیسر شجاع الدین نے اس مثنوی کی زبان پر بہت ہی عمدہ اور پختہ رائے قائم کی ہے کہ:

''سر زمین پاکستان و ہند پر اسلام کا نیّر درخشاں طلوع ہوا تو مسلمان حاکموں، تاجروں سیاحوں، عالموں، درویشوں اور مقامی باشندوں میں تبادلہ خیالات کے لیے ایک مشترکہ زبان کی ضرورت پیش آئی۔ یہ زبان جو ہندو پاکستان اور ترکی ، عربی ، فارسی وغیرہ بیرونی زبانوں کے امتزاج سے عالم وجود میں آئی اور دور اسلامیہ میں پروان چڑھی ، اردو کے نام سے موسوم ہوئی.....صوفیاء کرام نے اردو کی نشوونما میں نمایاں حصہ لیا اور اسے اپنی تبلیغی مساعی کا ذریعہ بنایا۔ پنجاب کے مشائخ میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے بھی اس مشترکہ زبان میں اظہار خیال فرمایا۔ رسالہ گنج الاسرار اسی زبان میں ہے۔ اس رسالہ کا مطالعہ جہاں ہمیں حضرت نوشہ صاحبؒ کے صوفیانہ خیالات سے آگاہ کرتا ہے۔ وہاں ہمیں اس دور کی اردو بھی متعارف کراتا ہے۔ اس عبارت میں ہندی الفاظ، اصطلاحات کی کثرت ہے اور یہ اصطلاحات وہی ہیں جو اس زمانہ کے ہندو مذہبی رہنماؤں (جن میں سکھ گورو بھی شامل ہیں) کے ہاں بھی مستعمل تھیں، عوام میں پرچار کے لیے ان کا استعمال ناگزیر تھا۔'' (۱۴)

ادبی ولسانی حوالے سے قطع نظر 'رمزالعباد' فکری پہلو سے بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اس میں نوشہ صاحبؒ نے سلسلۂ نوشاہیہ کے درویشوں کے لیے ذکر فکر کے طریقے بتائے ہیں اور اس کی تصنیفی غرض و غائیت یوں بیان کی ہے:

محض خدا رسولؐ کی خاطر یہ نسخہ میں کیتا ساطر
غرض میری ہے بیان شواغل تقدیم تاخیر میں نہ ہو غافل (۱۵)

اگر یہ کہا جائے کہ یہ مثنوی نوشہ گنج بخشؒ کے ظاہری و باطنی علم کا بہترین مرقع ہے تو غلط نہ ہوگا۔ اس میں کلام خدا کی برکت، حدیث شریف، کلمہ طیبہ کا ذکر اور اسکا صحیح طریقہ، مرشد کی تلاش اور اطاعت، مرشد کی ذمہ داریاں ، طالب کے فرائض ، خلوص، نیک نیتی، سوز و گداز، عشق، کشفِ قبور، عالمِ برزخ، ذکرِ حق، تہجد، فنا فی الوجود، فنا فی المرشد، فنا فی اللہ اور عارف باللہ کی پہچان وغیرہ پر خوب روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں شغلِ محمودہ، شغلِ نصیرا، شغلِ مدور، ذِکر سہ پایہ، ذِکر اِسم اعظم اور ذکرِ قصیدہ غوثیہ کا طریقہ بیان کیا ہے۔ یہ وہ تمام رموز ہیں جن کو نوشہ صاحبؒ نے اس انداز سے نظم کیا ہے کہ یہ مثنوی تقریباً ساڑھے تین سو سال سے نوشاہی درویشوں کا وظیفہ بن چکی ہے۔

زیرِنظر قلمی نسخہ اب تک سامنے آنے والے نسخوں سے نہ صرف قدامت کے لحاظ سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے بلکہ اس لحاظ سے بھی قابل توجہ ہے کہ اس کا متن مکمل ہے۔ اس کا معاصر کوئی اور نسخہ منظر عام پر نہیں ہے اس لیے کسی اور سے متن کا تقابل ممکن نہیں۔ چنانچہ اس کا متن من وعن قارئین کی نظر کیا جا رہا ہے۔

رمز العباد

متن

جس ذات کا اللہ ناؤں اس کا تجھے بتاؤں تھاؤں ورق۲۔الف
کم ایک سے تین ہزار اتنے نام دھرے کرتار
اتنے ہووں جس کے ناؤں کیونکر چھپتا اس کا تھاؤں
ظاہر دسے عالم کچا کیونکر چھپتا صاحب سچا

حق ہے باقی عالم فانی فانی کی ناں رہی نشانی
وحدت نوں توں کر تحقیق اس کوں من سوں کر تحقیق (تصدیق)
ایس مکان کوں پہنچن مشکل سخت راہ ہے دُور ہے منزل ورق۲۔ب
بہت ریاضت محنت طاعت دل حاضر راکھے ہر ساعت
فضل خدا کا ار توفیق جب سالک کوں ہووے رفیق
تب پہنچے اس راہ سعادت علم موافق کرے عبادت
طاعت اوہ جو پیر فرماے اپنا کیا کچھ کام نہ آوے
دارو وہ جو دیوے حکیم آپ دارو کیا کرے سقیم
کلام خدا کی دارو کھاناں جس جاناں برحق کر ماناں
جو افکار افکار افعال جو اوراد وظائف اعمال
جو حروف کلمات عظام جو آیات اسماء کرام
جو آویں بندیوں کے کام دین دنیا میں ہوویں تمام
سب قرآن مجید میں آئے حق تعالیٰ نے آپ فرمائے
توں کیا جانیں میرے کام
کون آیت ار کون ہرنام
کون شغل ار کونسا ذکر کونسا عمل ار کونسا فکر ورق۳۔الف
توں اندھلا تجھ کوں کیا سُوجھے بھلے بُرے کوں توں کیا بُوجھے
سر ہویّت خوب پچھان یہ نکتہ تو دل سیں مان
جے چاہیں بے رنگی بھیکھ ستگور کا توں چہرہ دیکھ

جو فرمائے تجھ کو پیر اس پر چلیں توں ہو فقیر (تجھ کوں پیر)
محض خدا رسول کی خاطر
یہ نسخہ میں کیتا ساطر

جس پر چاہیئے تجھ کو رہنا وہ ضرور ہویا اب کہنا
ادھی رات اُٹھ بیٹھے سالک چار کونٹ کا ہووے مالک
پیچھے اسکے سمجھ سیانے سلاح مومن کا وضو پچھانے
کرے تہجد نال نیاز دل حاضر ار جان گداز
دو رکعت جب پڑھ کر رہے ذکر فکر میں ہو کر رہے
لاَ اِلَه اِلاَّ اللّٰه سادھے من سُوں اُس دم سب کچھ چھاڑے
ایسی ضرب اللہ کی لاوے جو خطرہ ہے سب جھڑ جاوے ورق۳۔ب
لَا اِلَه کی پھڑ شمشیر تاں وچ عالم سارے پھیر
لَا اِلَه کی پکڑ بہاری گرد دھند سب دُور اتاری
محمَّد رَّسُول اللّٰه من بھیتر اگم پنتھ ستگور توں لئے
کہے
ایک ہزار یا تین ہزار کلمہ پاک کرے تکرار
چوبیس ہزار جو کوئی کرے انت کال بھی اس سیں ڈرے
پُرسش اس کی پیر سُوں پاوے جو لکھے موں رسم نہ آوے
جیوں کر پیر کرے تلقین لاگ رہے جیوں جل میں مین
ذکر غیب توں سن لے پیارے اللہ تیرے کام سنوارے

اچپا جاپ ہے جس نے کینا مکت پرابت اس نے لینا
جیس ترکٹی شغل پچھان عامل ہے سلطان جہاں
دونو دیوے پھر الٹاوے محراب بھواں کے بیچ لیاوے
ترکٹی کے سنگ آنکھ لگاوے جو پھل چاہے سوئی پاوے ورق۴۔الف
ترکٹی کے تم دو گھر جانوں محمودا اور نصیرا مانوں
طرف محمودہ رکھے دھیان کوئی ویلے شغل پچھان
سانس کرن جھمک پرتسیان ایس عمل کا رکھ دھیان
شغل محمودا اور نصیرا پلک نہ جھپکے اسمیں بیرا
نوک ناک پر نظر ٹکاوے عالم نظر سراب جیوں آوے
شغل فوارہ میرے میتا جتنا ہووے اتنا کیتا
شغل غوطہ ہے بہت غریب شغل غوثیہ جان عجیب
صور علمیہ کر توں خیال تاں توں ہوویں مرد کمال
کشف قبور اک شغل سنایا کشف فرقان بھی نال بتایا

جسم فنا کر توں یار
اپنے گھر سے ہو جا پار

اوہاں بیٹھ کر کرے نماز جگمگ جوت ار ناز نیاز
فجر تلک ایسا ہی رہے آسن سادھ سیدھا ہو بہے ورق۴۔ب
ذکر سہ پایہ کرے مدام برزخ کہتے اسکوں عام
ذکر ثلاثہ مغز بے مول غنچہ کھڑ کر ہووے پھول

اسم اعظم بہہ پیچھے پڑھے　　تو یہ ساگر سکھ سوں ترے
تیں کلمے ار چوداں حرف　　جوں سورج پگھلاوے برف
اس سیں ظاہر کیوں کر کہیے　　سِر چھُپے تو عارف رہیئے
سر جاوے پر سِر نہ جاوے　　تو یہ سِر ، سِر کوں پاوے
فجر ہووے تو پڑھے نماز　　سنت فرض میں کرے نیاز
ایسا راز اللہ کوں کہے　　آپ بیچ سوں جاتا رہے
اللہ اللہ اتنا کہے
آپ نہ رہے تے اللہ رہے

سوا پہر بیٹھے ات سار　　تاں پہنچے اونچے دربار
سوا پہر پر جب ہووے پورا　　سالک ہووے پورا سُورا　　ورق ۵۔الف
نفل ضحیٰ کے پھیر گذارے　　دین دنی کے کام سنوارے
تیں کلمے ار چوداں نام　　سجدے میں توں پڑھے مدام
پنجے وقت نماز پچھانے　　تاں اوہ حاضر خاوند جانے
سنت عصر کی ترک نہ کرے　　تو گوئے میدان سوں کھڑے
بعد عصر کے چُپ کر رہے　　شام تلک ایہ حاضر بہے
سن توں بات نوں کر کے دھیان　　اس میں کیا ہے رمز نہان
گم کر اپنا آپ اے غافل　　جسے ہونا ہے حق کا واصل
لیکن سمجھ نہ گور بِن آوے　　ستگور باہجھ یہ سوجھ نہ پاوے
عارف کامل راہ بتلاوے　　ارد برد کوں خوب چھپاوے

دھن دھن بھاگ میں مرشد پایا سروپ روپ جس منہ وکھایا
سنگت گور سیں میں بلہاری
بھرم دوئی کا مارن ہاری
ستگور پورے راہ بتایا تاں میں بھیت محبت پایا ورق ۵۔ب
لب سَیں یار کی میں مدھ پیتا خمار اس کے نے بیخود کیتا
اس سیں اظہر کیا بیان سر چھپے تو عارف جان
غوث الاعظم کرپا کیتی
جو یہ نعمت مجھ کوں دیتی
نام اسکے میں صدقے جاواں جاں اپنی نوں گھول گھماواں
اس کا اسم سے اسم خدا کیا ہو اسکی صفت ادا
پاک نبی تے لاکھ درود آل اتے اصحاب شہود
رمزالعباد ہے اس کا نام
نوشہ ظاہر کئے تمام

O

☆☆☆☆

حوالے

۱۔ عصمت اللہ زاہد پروفیسر ڈاکٹر: حضرت نوشہ گنج بخش حالات و آثار؛ سنگھوئی جہلم، ۲۰۰۹ء ص ۲۷

۲۔ مقامی اہل قلم کے علاوہ ایران سے تعلق رکھنے والے محمد معصوم شیرازی کی طرائق الحقائق جلد ۳ مطبوعہ کتاب خانہ سنائی ایران کے ص ۱۱۶ پر بھی یہی درج ہے: ''وفات نوشہ سال یکہزار و یکصد و سہ بودہ در عہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر ہندی''

۳۔ محمد ماہ صداقت کنجاہی (م ۱۱۴۸ھ/ ۳۵ ۱۷ء): ثواقب المناقب؛ تصنیف ۱۱۲۶ھ/۱۷۱۴ء مرتبہ ڈاکٹر وحید قریشی شامل اورینٹل کالج میگزین، جنوری ۱۹۶۰ء ص ۷۷۔۷۶

۴۔ سائیں حسن محمد: تحائف اصفیاء، ۱۹۴۲ء

۵۔ مسل حقیت موضع رنمل ریکارڈ محکمہ مال تحصیل پھالیہ، بلفظہٖ

۶۔ رام بابو سکسینہ: تاریخ ادب اردو؛ پنجاب پریس لاہور، ۱۹۲۹ء ص ۹۷

۷۔ عبدالحق ڈاکٹر: مضمون بعنوان شمالی ہند کی سب سے قدیم مثنوی۔ مطبوعہ در سہ ماہی رسالہ اُردو، کراچی، جنوری ۱۹۵۴ء ص ۶

۸۔ حامد اللہ افسر: نقد الادب، ص ۱۶۶ ۹۔ تاریخ ادب اردو؛ ص ۱۹۶

۱۰۔ حضرت نوشہ گنج بخش احوال و آثار؛ ص ۲۲۱

۱۱۔ گوہر نوشاہی ڈاکٹر: مثنوی گنج الاسرار اردو کی ایک قدیم مثنوی۔ مطبوعہ در سہ ماہی صحیفہ، لاہور، اپریل ۱۹۶۶ء ص ۵۷

۱۲۔ جمیل جالبی ڈاکٹر: پاکستان کی قدیم اردو شاعری؛ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۱۳۔۱۲

۱۳۔ حضرت نوشہ گنج بخش احوال و آثار؛ ص ۲۷۔۲۲۶

۱۴۔ نوشہ گنج بخش حاجی محمدؒ: گنج الاسرار؛ مرتبہ شرافت نوشاہی، ساہنپال گجرات ۱۹۶۴ء ص ۶

۱۵۔ ایضاً ص ۳۱



رمز العباد ورق 1 الف کا عکس



رمز العباد ورق 1 ب کا عکس

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 31, Sr.No.79, 2010, pp 47 - 80

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۱، اپریل۔جون ۲۰۱۰ء، شمارہ ۷۹

برصغیر میں فقہی ادب کی تسہیل وتفہیم
ایک تاریخی وتحلیلی جائزہ

ڈاکٹر محمد عبداللہ☆

Abstract:

The Muslims developed many learning techbniques with Islamic jurisprudence in the Sub-Continent with the rise of their culture. Four Schools of Islamic jurisprudence remained intacted likewise the rest of the regions.Elaborations of original books were written in the Sub-Continent, but the Hanfi Fiqh was launched in the very beginning. Madrasas taught this Fiqh and commentaries were put in front during teaching. The scholars of the Sub-continent guided people keeping in view the past jurisprudence learning achievements. People were kept away from jurisprudence miner issues i.e. they could not understand it. This daily needed affairs were taught in local languages but mostly in Urdu. Unfortunately here emerged some books that indulged common people in differences, it took them towards extremism. Meanwhile Shah Wali Allah (1703-1762) emerged as a moderate thinker who created an atmosphere of a balanced view. Teaching and facilitating activities remained intacted in every regions keeping in view to make them easier. Differentiating necessary and common questions and quries aloof to prepare such a literature that should be easy and comprehendible not containing the complicated terms of Islamic laws. It should be kept picked up by Urdu readers. Such activities were launched in the beginning of 20th century, still continues. This paper is going to analyse the same historical and current literature. Hoping this paper will divert the scholars attention that what kind of the method should be opted.

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں نے اپنی تہذیب کے ساتھ ساتھ جن علوم وفنون کو درجہ کمال تک پہنچایا ہے، اس میں علم فقہ بھی ہے ۔ آغاز ہی سے علم فقہ کی تدریس ، مختلف پہلوؤں پر تصنیف و تالیف اور عوام کی رہنمائی کے لیے قضاء و افتاء کا سلسلہ جاری رہا۔ برصغیر میں فقہ حنفی کو مدون کرنے اور اس سے قانونی رہنمائی حاصل کرنے کی سب سے پہلی اور عمدہ کاوش فتاویٰ عالمگیری المعروف فتاویٰ ہندیہ ہے ۔ جو اس خطہ میں لکھی جانے والی کتب فقہ وافتاء کا بنیادی مصدر کی حیثیت رکھتی ہے ۔

علماء برصغیر نے ماضی کے فقہی سرمایہ کو مدنظر رکھ کر عوام الناس کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا انہیں فقہ اور اصول فقہ کی موشگافیوں سے عملا دور رکھا۔ کیونکہ انہیں سمجھنا عوام الناس کے بس کی بات نہیں تھی۔ روزمرہ اور ضروری امور سے متعلق یہ رہنمائی مقامی زبانوں کے علاوہ عوامی زبان اردو میں زیادہ رہی۔ بدقسمتی سے بعض کتب فقہ اور فتاویٰ سے مسلکی رجحان اور انتہا پسندی نے بھی زور پکڑا ، جس سے عوام الناس کے درمیان بھی اختلاف کی خلیج وسیع ہوتی چلی گئی۔تاہم ایسے علماء و مجتہدین نے اس خطہ میں جنم لیا جنہوں نے اس خلیج کو پاٹنے کی شعوری کوشش کی بالخصوص شاہ ولی اللہ دھلوی (م۱۷۶۲ء) نے الانصاف فی بیان اسباب الاختلاف، میں توسع واعتدال پیدا کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

''یاد رکھو کہ ان مذاہب اربعہ کے اختیار کرنے میں بڑی مصلحت ہے۔ اور ان چاروں کو بالکل نظر انداز کردینے میں بڑا مفسدہ ہے۔''(۱)

دوسری طرف آپ کے شاگرد قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے اپنی تالیف مالا بدّمنه کے ذریعے تفہیم فقہ کی قابل قدر کوشش کی ۔فقہی ادب کی تسہیل وتفہیم کی کاوشیں بلاشبہ ہر خطے اور ہر دور میں نظر آتی ہیں ۔ جس کا بڑا مقصد یہ تھا کہ اختلافی مسائل کا دائرہ وسیع نہ ہواور نہ اختلافات کی شدت عوام میں منتقل ہو،عمومی اور ضروری مسائل کو اختلافی حدود سے الگ تھلگ رکھتے ہوئے عقائد ، عبادات، معاشرت ومعاملات پر عام فہم اور آسان اسلوب میں ایسا لٹریچر تیار کیا جائے جو فقہ کی مروجہ مشکل اصطلاحات اور دقیق وپیچیدہ حاشیہ آرائیوں سے بالاتر ہو۔ چنانچہ برصغیر پاک وہند میں اردو زبان میں ایسی بہت سی کوششیں نظر آتی ہیں اور تاحال بھی جاری ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فقہ کے تسہیلی ادب کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے عصری

ضروریات کو دیکھا جائے۔اور ان کی روشنی میں کچھ تجاویز دی جائیں۔ زیرنظر مقالہ میں ذیلی عنوانات کی ترتیب کچھ اس طرح سے ہوگی:

۱۔ برصغیر میں فقہی ادب کی تسہیل کا تاریخی جائزہ
۲۔ عصرحاضر میں فقہی ادب کی تسہیل کا منہج
۳۔ فقہی ادب کی تسہیل میں پیش نظر امور
۴۔ تجاویز وسفارشات

۱۔ برصغیر میں فقہی ادب کی تسہیل کا تاریخی جائزہ:

ذیل میں فقہ کی تسہیل وتفہیم کا تجزیہ کیا جاتا ہے جو قدامت کے لحاظ سے بیسویں صدی کے اوائل میں تحریر ہوئی اور زیادہ تر متحدہ ہندوستان سے شائع ہوئیں۔

۱.۱ بہشتی زیور مکمل و مدلل ازمولانا اشرف علی تھانوی:

مولانا اشرف علی تھانوی (م:۱۹۴۲ء) برصغیر پاک و ہند کے معروف عالم دین ،مفسر اور مصلح ہیں۔ جنہوں نے تصنیف و تالیف کے ذریعے بالعموم اور سلوک وتصوف کے ذریعے بالخصوص اس خطہ کے مسلمانوں کی اصلاح کی جن کو بجا طور پر حکیم الامت، کے لقب سے نوازا گیا۔ یوں تو مولانا کی بیسیوں کتب و رسائل ہیں لیکن بہشتی زیور اس لحاظ سے منفرد کتاب ہے کہ جس میں زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جس میں دینی حوالے سے راہنمائی نہ دی گئی ہو۔ اس کا خطاب خاتون خانہ سے ہے کیونکہ معاشرتی زندگی کی یہی وہ بنیادی اکائی ہے جس پر صالح معاشرے کی تعمیر استوار ہوتی ہے۔ کتاب کے نام کی بابت لکھتے ہیں:

''.....نام اس کا بہ مناسبت مذاق نسواں، بہشتی زیور رکھا گیا کیونکہ اصل زیور یہی کمالاتِ دین ہیں چنانچہ جنت میں ان ہی کی بدولت زیور پہننے کو ملے گا **کما قال اللہ تعالی یحلون فیھا من اساور** الآیۃ''(۲)

بہشتی زیور میں طبقہ نسواں کو ہی کیوں موضوع بنایا گیا ہے اس بارے میں رقم طراز ہیں:

''ایک مدت سے ہندوستان کی عورتوں کے دین کی تباہی دیکھ دیکھ کر قلب دکھتا تھا اور اس کے علاج کی فکر میں رہتا تھا اور زیادہ وجہ فکر کی یہ تھی کہ یہ تباہی صرف ان

کے دین تک محدود نہیں تھی بلکہ دین سے گزر کر ان کی دنیا تک پہنچ گئی تھی اور ان کی ذات سے گزر کر ان کے بچوں بلکہ بہت سے آثار سے ان کے شوہروں تک اثر کر گئی تھی اور جس رفتار سے یہ تباہی بڑھتی جاتی تھی اس کے اندازہ سے معلوم ہوتا تھا کہ اگر چندے اور اصلاح نہ کی جائے تو شاید یہ مرض قریب قریب لاعلاج کے ہو جائے اس لیے علاج کی فکر زیادہ ہوئی۔'' (۳)

اردو زبان میں طبقہ نسواں کے لیے کتاب کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ۔لکھتے ہیں:

''مدت دراز سے اس خیال میں تھا کہ عورتوں کو اہتمام کر کے علم دین کو اردو ہی میں کیوں نہ ہو ضرور سکھایا جائے۔ اس ضرورت سے موجودہ اردو کے رسالے اور کتابیں دیکھی گئیں تو اس ضرورت کے رفع کرنے کے لیے کافی نہیں پائی گئیں۔ بعض کتابیں تو محض نامعتبر اور غلط پائی گئیں بعض کتابیں جو معتبر تھیں ان کی عبارت ایسی سلیس نہ تھی جو عورتوں کے فہم کے لائق ہو پھر اس میں وہ مضامین بھی مخلوط تھے جن کا تعلق عورتوں سے کچھ نہیں بعض کتابیں عورتوں کے لیے پائی گئیں مگر وہ اس قدر تنگ اور کم تھیں کہ ضروری مسائل اور احکام کی تعلیم میں کافی نہیں اس لیے تجویز کی ایک کتاب خاص ان کے لیے ایسی بنائی جائے جس کی عبارت بہت ہی سلیس ہو، جمیع ضروریات دین کو حاوی ہو اور جو احکام صرف مردوں کے لیے مخصوص ہیں ان کو اس میں نہ لیا جائے اور وہ ایسی کافی ووافی ہو کہ صرف اس کا پڑھ لینا ضروریاتِ دین ،روز مرہ اور کتابوں سے مستغنی کر دے.....آخر ۱۳۲۰ھ) میں خدا کا نام لے کر شروع کر دیا۔''(۴)

بہشتی زیور کا اُسلوب

بہشتی زیور کا بالاستیعاب مطالعہ کرنے سے مندرجہ خصوصیات سامنے آتی ہیں:

۱۔ وسعت وتنوع مضامین:

مولانا نے بہشتی زیور کے ۱۱ حصوں میں انسانی زندگی میں پیش آنے والے تقریباً تمام مضامین و مسائل کا احاطہ کیا ہے۔ عقائد وعبادات سے لے کر معاشرت و معاملات تک ، یہاں

تک کہ آخری دوحصوں میں صحت اور امراض سے متعلق اہم امور اور علاج تک تجویز کیے ہیں ۔ہر حصہ الگ الگ مرتب کیا گیا ہے جس میں سو کے لگ بھگ صفحات ہیں تا کہ قارئین کو پڑھنے میں سہولت رہے۔ چونکہ حصے لکھے جاتے رہے اور شائع ہوتے رہے اسی وجہ سے مضامین میں تنوع ہے اور تکرار بھی۔ ہر حصے کے آخر میں ضمیمہ بھی ہے جو بالعموم مولانا تھانوی کے حکم پر کسی اور نے لکھا ہے آخری دو جلدیں تو مولانا کے حکم پر کسی اور نے لکھی ہیں۔

۲۔ تسہیل عبارت:

مولانا نے بہشتی زیور کی تالیف میں تسہیل عبارت کو پیش نظر رکھا ہے۔متن عبارت میں ما سوائے ایک آدھ جگہ کے کوئی حوالہ نہیں ہے۔ اختلافی مسائل سے گریز کیا ہے۔ ہاں اگر ضرورت پڑی ہے تو حاشیہ میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔ جملے چھوٹے چھوٹے اور عام فہم ہیں ایک معمولی سا خواندہ شخص بھی عبارت کو پڑھ اور سمجھ سکتا ہے۔

۳۔ مدلل انداز:

مولانا نے احکام و مسائل کے بیان کرنے میں مدلل انداز اختیار کیا ہے محض سنی سنائی باتیں تحریر نہیں کیں۔ اگر ایک جملے میں کسی مسئلے کا ذکر ہے تو حاشیہ میں اس کی دلیل قرآن و حدیث یا فقہ کی عربی عبارت سے جلد وصفحہ کے استقصاء کے ساتھ درج کی ہے۔

۴۔ حنفی فقہ کا لحاظ:

برصغیر پاک وہند میں چونکہ حنفی المسلک آباد ہیں اس وجہ سے مولانا نے فقہ میں حنفی تعبیرات کو ہی اختیار کیا ہے اور وہ تمام مآخذ مثلاً شامی، عالمگیری، کنز الدقائق، نور الایضاح، ہدایہ، فتح القدیر وغیرہ کے حوالے کثرت سے ملتے ہیں۔ بہت کم مسائل ایسے ہیں جہاں دیگر فقہی تعبیرات کو اختیار کیا ہو۔

۵۔ بعض مسائل کی تدریس کا طریقہ:

مولانا کے پیش نظر طبقہ نسواں کی اصلاح ہے۔ اس لیے بعض ایسے مسائل جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں اور پڑھانے والا مرد ہو کا طریقہ بھی بتایا ہے مثلاً پڑھانے والا مرد ہو تو ان مسائل کو خود نہ پڑھاوے یا تو اپنی بی بی کی معرفت سمجھا دے یا ہدایت کر دے کہ بعد میں ان

مسائل کو دیکھ لینا اگر پڑھنے والا لڑکا کم عمر ہو اس کو بھی نہ پڑھائیں بلکہ صرف ہدایت کر دیں کہ بعد کو دیکھ لینا۔'(۵)

۶۔ عمومی اُسلوب:

اگرچہ فاضل مصنف نے طبقہ نسواں کو بہشتی زیور میں پیش نظر رکھا ہے تاہم ایسا بھی نہیں ہے کہ مردوں سے متعلق مسائل بالکل نہ ہوں ایسا ہرگز نہیں ہے۔ کتاب عورتوں، بچوں اور مردوں سب کے لیے یکساں مفید ہے۔

مولانا تھانویؒ ایک عنوان قائم کرتے ہیں اس کے تحت مسائل لاتے ہیں ہر مسئلہ پر ترتیب وار نمبر دیے ہیں۔ ہر مسئلہ میں حوالہ نمبر بھی دیتے ہیں۔ حاشیہ میں وہی نمبر دے کر کتب فقہ سے عبارت نقل کرتے ہیں۔ جلد وصفحہ کا نمبر بھی دیتے ہیں۔

بہشتی زیور میں ضروریاتِ زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کیا گیا ہے اور ہر مسئلہ کو مبتدیانہ انداز سے بیان کیا گیا ہے۔ ہر حصے کے آخر میں ایک ضمیمہ شامل کیا گیا ہے جس میں اسی حصہ سے متعلق بعض فضائل قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ یہ ضمیمہ جات بعد میں الگ سے شامل کیے گئے ۔مولانا نے ان پر نظر ثانی حبیب احمد کیرانوی سے کرائی۔ آخری دو جلدیں جو صحت اور امراض سے متعلق وہ بھی حکیم محمد مصطفیٰ سے لکھوائی ہیں۔

بہشتی زیور کی مقبولیت:

برصغیر پاک وہند میں اردو فقہی ادب میں بہشتی زیور کو غیر معمولی قبولیت حاصل رہی۔ تقریباً ہر مسلمان گھرانے میں بہشتی زیور کا موجود رہنا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ ماضی قریب میں شادی بیاہ کے موقع پر قرآن حکیم کے ساتھ بہشتی زیور، کا ساتھ دینا ضروری سمجھا جاتا تھا اور اس کا گھر میں اجتماعی صورت میں مطالعہ کیا جاتا تھا۔ آج تک بغیر کسی تعطل کے اس کے ایڈیشن طبع ہو رہے ہیں۔ بعد کے دور میں جنہوں نے بھی فقہ کے تسہیلی ادب پر قلم اٹھایا وہ بہشتی زیور سے بے نیاز نہیں ہو سکا۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ گھریلو انسائیکلوپیڈیا ہے تاہم آج کے دور میں اس سے استفادہ مشکل ہوتا جا رہا ہے ایک تو زبان آج کے لحاظ سے پرانی ہوگئی ہے بعض الفاظ متروک ہو گئے ہیں ۔ دوسرے ضمیمہ جات اور حاشیہ در حاشیہ میں استفادہ مشکل ہو گیا ہے۔

طباعت کے اعتبار سے بھی جدت کا تقاضا ہے کچھ اب زبان و بیان اور تسہیل کے اعتبار سے بہتر کتابیں منظر عام پر آ گئی ہیں۔(۶)

۱.۲ بہارِ شریعت ازمحمد امجد علی، اعظمی رضوی

مذکورہ کتاب دو ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے ۔ پہلی جلد میں نو حصے جبکہ دوسری جلد میں آٹھ حصے ہیں۔ فاضل مصنف مولانا حکیم ابو العلی محمد امجد علی اعظمی رضوی دار العلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف میں صدر مدرس رہے۔مصنف کتاب کی غرض و غایت کی بابت رقمطراز ہیں:

> ''.....اردو میں کوئی ایسی کتاب کہ سلیس، عام فہم قابل اعتماد ہو، اب تک شائع نہ ہوئی بعض میں تھوڑے مسائل کہ روز مرہ کی ضروری باتیں بھی ان میں کافی طور پر نہیں اور بعض میں اغلاط کی کثرت، لا جرم ایک ایسی کتاب کی بے حد ضرورت ہے کہ کم پڑھے اس سے فائدہ اٹھائیں لہذا فقیر یہ نظر خیر خواہی مسلمانان بقتضائے الدین النصح لکل مسلم، اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے اس امر اہم و اعظم کی طرف متوجہ ہوا۔(۷)

فاضل مصنف نے کتاب میں جن امور کا اہتمام کیا ہے۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اس کتاب میں حتی الوسع یہ کوشش ہو گی کہ عبارت بہت آسان ہو کہ سمجھنے میں دقت نہ ہو اور کم علم اور عورتیں اور بچے بھی اس سے فائدہ حاصل کر سکیں۔

۲۔ اس کتاب میں مسائل کی دلیلیں نہ لکھی جائیں گی اول تو دلیلوں کا سمجھنا ہر شخص کا کام نہیں دوسرے دلیلوں کی وجہ سے اکثر ایسی الجھن پڑ جاتی ہے کہ نفس مسئلہ سمجھنا دشوار ہو جاتا ہے۔لہذا ہر مسئلے میں خالص متقع حکم بیان کر دیا جائے گا اور اگر کسی صاحب کو دلائل کا شوق ہو تو فتاویٰ رضویہ شریف کا مطالعہ کریں۔

۳۔ اس کتاب میں حتی الوسع اختلافات کا بیان نہ ہو گا کہ عوام کے سامنے جب دو مختلف باتیں پیش ہوں تو ذہن متحیر ہو گا کہ عمل کس پر کریں اور بہت خواہش کے بندے ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جس میں اپنا فائدہ دیکھتے ہیں اسے اختیار کر لیتے ہیں یہ سمجھ کر نہیں کہ یہی حق ہے بلکہ یہ خیال کر کے اس میں اپنا مطلب حاصل ہوتا ہے۔

اسلوب بیان:

مصنف کا اُسلوب بیانِ عبارت یہ ہے کہ عنوان قائم کر کے قرآن پاک کی ایک یا چند آیات مع ترجمہ کے اس اہمیت اور فرضیت میں لائے ہیں پھر احادیث کا عنوان دے کر متعلقہ احادیث ترتیب وار مذکورہ کی تائید وفضیلت میں لاتے ہیں۔ پھر مسائلِ فقہیہ کا عنوان قائم کر کے متعلقہ مسائل لاتے ہیں۔ حواشی پوری کتاب میں بہت ہی کم ہیں کتب فقہ کے حوالے بغیر جلد وصفحہ کی تخصیص کے متن ہی میں درج کر دیے ہیں۔

زیادہ تر جن کتب فقہ سے مصنف نے استفادہ کیا ہے ان میں درمختار، عالم گیری، فتاویٰ رضویہ، ردالمختار، صغیری، شامل ہیں۔ تاہم عربی کی بھاری بھرکم عبارات کی بجائے ترجمہ یا مفہوم پر اکتفا کیا گیا ہے۔

اگرچہ مصنف نے تمہید میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ کتاب مذکورہ میں عام فہم اور سلیس انداز میں مسائل بیان کیے جائیں گے تاہم اثنائے کتب میں دقیق اور پیچیدہ مسائل بھی سامنے آتے ہیں جس سے ایک عام قاری کا کتاب سے استفادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ مثلاً جلد ششم میں طلاق کے ذیل میں کنایہ کا بیان، تعلیق کا بیان، استثناء کا بیان وغیرہ۔(۸)

بہارِ شریعت کی تالیف کا مقصد محض مسلمانان برصغیر کی فقہی رہنمائی ہے یا کسی کتاب کا ردعمل اس کا ایک ہلکا سا اشارہ مولانا احمد رضا خان کی تقریظ میں ملتا ہے جو کتاب میں شامل ہے۔

> ''یہ مبارک رسالہ بہار شریعت (حصہ سوم) تصنیف لطیف ابوالعلی مولوی حکیم محمد امجد علی قادری مطالعہ کیا۔ الحمد للہ مسائل صحیحہ رجیحہ محققہ منقحہ پر مشتمل پایا۔ آج کل گمراہی واغلاط کے مصنوع وملمع زیوروں کی طرف آنکھ نہ اٹھائیں۔ مولی عزوجل مصنف کی عمر وعلم وفیض میں برکت دے اور ہر باب میں اس کتاب کے حصص کا شافی و وافی و صافی تالیف کرنے کی توفیق بخشے اور اہل سنت میں شائع ومعمول اور دنیا و آخرت میں نافع ومقبول بنائے۔(۹)

پھر کتاب کی ترتیب میں تقلیدی پہلو نظر آتا ہے مثلاً بہارِ شریعت بھی دو جلدوں میں منقسم ہے بہشتی زیور میں اگر ۱۱ حصے ہیں تو اس میں ۱۷ حصے ہیں۔ علاوہ ازیں یہاں بھی ۱ حصہ تقریباً ۱۵۰ سے ۱۸۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ پھر اکا دکا ایسے مسائل بھی کتاب میں نظر پڑتے ہیں

جو بعد میں بہت نمایاں ہوئے اور برصغیر میں اہل سنت والجماعت (بریلوی مسلک) کی شناخت بنے مثلاً (وہابی) یہ ایک نیا فرقہ ہے جو ۱۲۰۹ھ میں پیدا ہوا اس مذہب کا بانی محمد بن عبدالوہاب نجدی تھا جس نے تمام عرب خصوصاً حرمین شریفین میں بہت سے شدید فتنے پھیلائے علماء کوقتل کیا، صحابہ کرامؓ و آئمہ علماء کی قبریں کھود ڈالیں۔ اس نے ایک کتاب ''کتاب التوحید'' کے نام سے لکھی ہندوستان میں اسماعیل دہلوی نے اس کا ترجمہ کیا جس کا نام تقویۃ الایمان رکھا اور ہندوستان میں اس نے وہابیت پھیلائی۔ (۱۰)

ولایت کے بیان میں اولیاء کی بابت لکھا ہے:

''مسئلہ ان سے استمداد و استعانت محبوب ہے، ان کے مزارات پر حاضری مسلمان کے لیے سعادت و باعث برکت ہے۔ ان کو دور و نزدیک سے پکارنا سلف صالح کا طریقہ ہے۔'' (۱۱)

۱.۳ الحقوق والفرائض از ڈپٹی نذیر احمد:

متحدہ ہندوستان میں شمس العلماء مولوی ڈپٹی نذیر احمد(م۱۳۲۰ھ) کا شمار سماجی مصلحین میں ہوتا ہے۔ آپ اردو زبان کے معروف ادیب بھی ہیں۔ آپ نے عوامی مسائل کو عوامی زبان کے ذریعے بیان کیے۔ تاہم مذکورہ کتاب ایک دستور العمل کے انداز میں مرتب کی گئی ہے چنانچہ کتاب کی تمہید میں لکھتے ہیں:

''اس کتاب کا نام تو فرائض انسانی ہے مگر فرض سمجھ کر دیکھو تو اور حقوق سمجھ کر دیکھو تو بات ایک ہی ہے۔ غرض زندگی کا دستور العمل ہے۔ جامع کہ جیسے جیسے معاملات آدمی کو دنیا میں پیش آتے ہیں سب کے بارے میں حکم و ہدایت اس دستور العمل میں موجود ہے چاہیے کہ ہر مسلمان جو اسلام کا دم بھرتا ہے اور اُردو پڑھ سمجھ سکتا ہے اسی دستور العمل کا ایک نسخہ اس کے پاس ہو۔'' (۱۲)

کتاب میں مندرجہ ذیل عنوانات کے ساتھ مسائل بیان کیے گئے ہیں۔

۱۔ اعمال قلبی ۲۔ اعمال انسانی

۳۔ اعمال بدنی ۴۔ اعمال مالی

مذکورہ چاروں حصوں میں سے اعمال بدنی کا تعلق براہ راست فقہی ادب سے ہے

جسے ڈپٹی نذیر احمد نے نقشوں کی مدد سے واضح کیا ہے۔ مثلاً نقشہ نجاست حقیقی داخلی، نقشہ نجاست حقیقی خارجی، نقشہ نجاست حکمی داخلی، نقشہ نجاست حکمی خارجی، نقشہ مکروہات وفصل، نقشہ مکروہاتِ خارجی وغیرہ (۱۳)

کتاب میں مباحث کا اُسلوب یہ ہے کہ عنوان کو قائم کر کے ،متعلقہ آیات مع ترجمہ کے، اگر متعلقہ حدیث ہو تو وہ بھی ترجمہ کے ساتھ پھر من المترجم کا عنوان قائم کر کے متعلقہ مسائل کی آسان انداز میں توضیح کی ہے۔ مسائل زیادہ تر احادیث سے اخذ کیے گئے۔ کتاب کی زبان قدیم ہے اگرچہ اسلامک پبلی کیشنز نے اس کی تسہیل کرنے کی کوشش کی ہے مگر اب بھی اس کتاب سے استفادہ دشوار ہے اس لیے کہ بہتر کتابیں بہتر اُسلوب کے ساتھ دستیاب ہیں تاہم اس دور کے لیے اسلامی تعلیمات کا جامع مختصر اور مستند ذخیرہ تھا۔

۱.۴ تعلیم الاسلام از مفتی کفایت اللہ دھلوی:

مفتی کفایت اللہ دھلوی (م۱۳۷۲ھ) مدرسہ امینیہ دھلی میں صدر مدرس رہے۔ مذکورہ کتاب چار حصوں میں منقسم ہے ۔ بنیادی طور پر یہ رسالے 'مسلمان بچوں کی مذہبی تعلیم' کے لیے تیار کیے گئے ہیں تاہم عوام الناس بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

کتاب میں سوال و جواب کا انداز اپنایا گیا ہے۔ سوال کا انداز آسان سے مشکل کی طرف اور نامعلوم سے معلوم کی طرف ہے۔ بالعموم سوالات واضح اور مختصر ہیں اسی طرح جوابات بھی مختصر ہیں۔ مثلاً سوال، مسح کرنے کے کیا معنی ہیں؟ جواب، ہاتھ کو پانی سے بھگو کر کسی عضو پر پھیرنے کو مسح کہتے ہیں۔ (۱۴)

کتاب کا اُسلوب سادہ، عام فہم اور زبان سہل اور سلیس ہے، بچوں کی نفسیات کو پیش نظر رکھا گیا ہے کتاب میں حنفی فقہ کو پیش نظر رکھا گیا ہے تاہم پوری کتاب میں کسی بھی فقہ کی کتاب یا فقہی رائے کا اظہار نہیں کیا گیا۔ کتاب کا ہر حصہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا شعبہ تعلیم الایمان یا اسلامی عقائد کا دوسرا شعبہ تعلیم الارکان یا اسلامی اعمال کا ہے۔ کتاب کی ان خصوصیات کی بنا پر درس نظامی کے ابتدائی درجوں میں کتاب شاملِ نصاب ہے۔

۱.۵ علم الفقہ چھے حصے کامل اردو از مولانا عبدالشکور فاروقی لکھنوی

کتاب کے سرورق پر کتاب کا تعارف یوں کرایا گیا ہے:

''علم الفقہ اردو زبان میں مکمل فقہ اسلامی کی ایک بہترین کتاب ہے جس میں وہ تمام اسلامی احکام ومسائل کہ جن کی ہر مسلمان کو دن رات ضرورت پیش آتی ہے درج ہیں۔ اس کتاب میں عربی کی ضخیم اور مستند کتابوں کے تمام مضامین سہل اور آسان اُردو میں منتقل کر دیے گئے ہیں تاکہ ہر مسلمان خود مسائل دیکھ کر ان پر عمل پیرا ہو سکے۔ اس لیے ہر مسلمان گھرانے میں اس کی موجودگی نہایت ضروری ہے۔'' (۱۵)

مصنفؒ نے کتاب میں جن امور کا لحاظ رکھا ہے اس کی صراحت یوں کرتے ہیں:

۱۔ ہر شے کے متعلق جس قدر احکام ہیں وہ سب ایک جگہ جمع کر دیے جاویں تاکہ ہر شخص کو مسئلہ نکالنے میں آسانی ہو۔

۲۔ ہر مسئلہ میں وہی قول لکھا جائے گا جس پر فتویٰ ہے مختلف اقوال اور روایات کا ذکر نہ کیا جائے گا تاکہ دیکھنے والے کے ذہن کو انتشار نہ ہو۔

۳۔ وہ بہت سے مسائل جو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف منسوب ہیں حالانکہ ان کے نہیں یا بعض کمزور مسائل کو مفتی بہ لکھ دیا گیا ہے اس کی بھی تحقیق کی جائے گی۔

۴۔ بعض مسائل کی بلحاظ ضرورت دلیل بھی بیان کی جائے گی۔

۵۔ زمانہ کے بدلنے سے جو احکام بدل گئے ہیں اور تجارت کے لیے اسباب مثل ریل، تار، ڈاک کی ٹکٹ، اسٹامپ نوٹ وغیرہ کے احکام کا بھی بیان ہوگا۔

۶۔ جب کوئی ایسا مسئلہ پیش آئے کہ جس کا حکم کتب فقہ میں نہیں یا سخت اختلاف کی وجہ سے ایک یا دو شخص فیصلہ نہ کر سکیں تو علمائے عرب وعجم سے مشورہ کر کے محقق قول لکھ دیا جائے گا۔

۷۔ جن کتب معتبرہ سے مسائل نقل کیے جائیں گے ان کے نام بحوالہ صفحہ وسطر یا فصل و باب لکھ دیے جائیں گے تاکہ اگر کسی کو اصل کا دیکھنا منظور ہو تو اس کو دقت نہ ہو ہاں جن مسائل میں اتفاق ہے یا یقین ہے ان کا حوالہ نہ دیا جائے گا۔

۸۔ اردو عام فہم ہوگی لغت اور اصطلاح کی بھرت نہ ہوگی تاکہ عام لوگ بھی سمجھ لیں۔

میں خداوند تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کر کے پوری امید رکھتا ہوں کہ میری اس کتاب سے عام اہل اسلام کو نفع ہوگا علم والوں کو بھی اور بے علموں کو بھی، عورتوں کو بھی، مردوں کو بھی اس لیے اس کی عبارت اس قدر آسان ہے جس کا سمجھنا کسی جاہل کو مشکل نہیں۔ (۱۶)

مذکورہ کتاب ایک ہی جلد میں چھ حصوں میں منقسم ہے حصوں میں مضامین کی تقسیم کچھ یوں ہے:

حصہ اول: مسائل طہارت	حصہ دوم: مسائل نماز
حصہ سوم: مسائل رمضان	حصہ چہارم: مسائل زکوٰۃ وصدقات
حصہ پنجم: مسائل حج	حصہ ششم: مسائل معاشرت

مفتی محمد شفیعؒ نے کتاب کی تقریظ میں لکھا ہے:

''مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی کی تصنیف ،لطیف علم الفقہ اردو زبان میں مکمل فقہ اسلامی کی بہترین کتاب ہے اس کے مستند اور معتبر ہونے کے لیے تو خود حضرت مصنف کا اسم گرامی کا نام ضمانت ہے جو اپنے علم وفضل اور خدمات کی بنا پر محتاجِ تعارف نہیں۔ کتاب کی ترتیب سہل اور عام لوگوں کے فائدہ کے لیے عبارت آسان کرنے کا خاص اہتمام کیا گیا ہے تاکہ عام اردو خواں حضرات بآسانی اس سے فائدہ اُٹھا سکیں۔ (۱۷)

کتاب کا بغور مطالعہ کرنے سے مندرجہ ذیل پہلو سامنے آتے ہیں:

۱۔ کتاب میں بڑی حد تک جامعیت ہے ۔مسائل کے جملہ پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

۲۔ اہم اصطلاحات کی تصریح کر دی گئی ہے جیسے حج کے ضمن میں اصطلاحی الفاظ اور مقامات کے ناموں کی تشریح

۳۔ بعض مقامات پر اصول وکلیات بھی مثالوں کے ساتھ بیان کیے گئے جس سے تفہیم مسائل میں آسانی ہوتی ہے۔

۴۔ ہر حصے کے آغاز میں قرآنِ حکیم کی آیات اور احادیث مبارکہ عربی متن اور ترجمہ کے ساتھ دی گئی ہیں ان کا نام کہیں تو چہل آیات، چہل احادیث یا چہل آثار(اگر کسی صحابی کے ہیں) کا نام دیا گیا ہے۔

۵۔ حواشی مختصر اور ضروری مسائل پر ہی ہیں۔ کتب حوالہ اختصار کے ساتھ متن میں ہی دے دی گئی ہیں۔

۶۔ کتاب میں جن مآخذ سے استدلال کیا گیا ہے ان میں صحاح ستہ کے علاوہ الدرالمختار، البحر الرائق، شامی، فتح القدیر، احیاء العلوم، الاشباہ والنظائر، فتح القدیر، طحطاوی،

کنزالعمال اور مراقی الفلاح شامل ہیں۔

۷۔ مرکزی اور ذیلی عنوانات کے تحت مسائل بیان کیے گئے ہیں۔

مذکورہ کتاب فقہ حنفی کے رجحان کی حامل ہے۔ ابتداً یہ کتاب ہندوستان سے چھپی۔ رضی عثمانی نے مولانا مفتی محمد شفیع کے مشورے سے پاکستان میں چھپوانے کا اہتمام فرمایا۔ کتاب اپنے اُسلوب کے اعتبار سے عام فہم اور زبان سلیس ہے خاص طور پر ترتیب کے لحاظ سے نہایت عمدہ ہے۔ البتہ بعض مقامات پر غیر معروف کتابوں کے حوالے سے بھی مسائل بیان کیے گئے ہیں تاہم آج کے دور کے مطابق بہتر استفادہ کے لیے کتاب کی طباعت کو بدلنے کی ضرورت ہے۔

۱.۶ فقہ السنۃ از محمد عاصم الحداد:

مذکورہ کتاب ایک ہی جلد میں دوحصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں کتاب الطہارۃ، کتاب الصلوٰۃ اور کتاب الجنائز جبکہ حصہ دوم میں کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصیام اور کتاب الحج والعمرۃ شامل ہیں۔

مصنف کتاب کی تالیف کی غرض و غایت پر یوں روشنی ڈالتے ہیں:

> ''ایک عرصہ سے دل میں یہ تمنا تھی کہ قرآن و حدیث کے ان احکام کا مطالعہ کیا جائے جن کا تعلق انسان کے عقائد سے زیادہ اعمال سے ہے۔ اور جن کے مجموعہ کو اصطلاح میں فقہی احکام کہا جاتا ہے اور وہ بھی اس طرح کہ ہر مسئلہ میں صحابہؓ اور آئمہ سلف کا مسلک اور اس کی دلیل معلوم کی جائے۔ بارہا حدیث کی شرحوں کا الگ الگ مطالعہ کیا لیکن ذوق کو تسکین نہ ہوئی۔ بالآخر آج (۱۹ اکتوبر ۱۹۵۸ء) سے تقریباً تین سال پیشتر جب ادارۂ چراغِ راہ نے مجھ سے اپنے اس ارادہ کا تذکرہ کیا کہ وہ فقہ کی ایک مختصر کتاب مرتب کرا کے شائع کرانا چاہتے ہیں تو میں نے اسے اپنی دلی تمنا کو بروئے کار لانے کا ایک موقع تصور کیا اور ذہنی نقشے کے مطابق کام شروع کر دیا چنانچہ آج اپنی زیر ترتیب کتاب فقہ السنہ کا پہلا حصہ ملک کے اردو دان طبقہ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔''(۱۸)

کتاب کی ترتیب و اُسلوب:

فاضل مصنف نے مذکورہ کتاب کی ترتیب میں جن پہلوؤں کا لحاظ رکھا ہے اس کو ان

نکات کے تحت واضح کیا ہے:

۱۔ متن میں وہ مسائل دیے گئے ہیں جن پر حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ، حنبلیہ اور جمہور اہل حدیث کا اتفاق ہے۔ یا پھر کم از کم ان مذاہبِ خمسہ کی اکثریت کا ان پر اتفاق ہے۔

۲۔ جن مسائل میں حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ، حنبلیہ اور اہل حدیث علماء کا مسلک الگ الگ ہے ان کا ذکر متن میں نوٹ دے کر حاشیہ میں کیا گیا ہے۔

۳۔ جن مسائل کے متعلق مذکورہ بالا پانچ مذاہب میں سے کسی کے نزدیک کوئی ایسی تفصیل ہے تو اس کا ذکر فائدہ کے عنوان کے تحت متن ہی میں ذکر کر دیا گیا ہے اور بعض مواقع پر اس کا ذکر حاشیہ میں کیا گیا ہے۔

۴۔ ہر مسئلہ میں ہر مسلک کے متعلق یہ کوشش کی گئی ہے کہ نہ صرف یہ قرآن و حدیث سے اس کی بنیاد کا ذکر کیا جائے بلکہ یہ بھی بتایا جائے کہ اگر دوسرے مسلک والوں کی بنیاد کس دوسری آیت یا حدیث پر ہے تو یہ اختلاف کیوں ہے۔

۵۔ جن مسائل کی بنیاد براہ راست کسی نص پر نہیں بلکہ اجتہاد پر ہے۔ ان مسائل کا ذکر بھی متن میں نوٹ دے کر حاشیہ میں کیا گیا ہے۔ (۱۹)

فاضل مصنف نے تمام مسالک کے دلائل نقل کرنے کا جواب یوں دیا ہے:

> ''ہمارا یہ مقصد ہرگز نہیں ہے کہ لوگوں کو ان کے موجودہ مسلکوں سے ہٹا کر انہیں کسی خاص مسلک کی طرف دعوت دی جائے بلکہ اس سے ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ اس کتاب کے پڑھنے والے خواہ وہ کسی مسلک سے تعلق رکھنے والے ہوں جہاں اپنا مسلک اور اس کا ماخذ معلوم کریں وہاں انہیں دوسرے مسالک اور ان کے مآخذ کا بھی علم ہوتا کہ اس طرح دلوں میں فراخی اور رواداری پیدا ہو۔(۲۰)

اگرچہ فقہ السنہ کے نام سے سید سابق کی کتاب بھی عربی میں موجود ہے۔ مگر فاضل مصنف نے اس امر کی تردید کی ہے کہ یہ اس کا ترجمہ ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''کتاب کے نام سے بعض حضرات کو یہ شبہ ہوا ہے کہ یہ مصر کے مشہور عالم دین سید سابق کی کتاب 'فقہ السنہ'' کا اردو ترجمہ ہے حالانکہ نام کی یکسانیت کے باوجود دونوں کے موضوع میں فرق ہے۔'' (۲۱)

کتاب کے بارے میں ایک عمومی تاثر قارئین کو یہ بھی دیا ہے:

''اس کتاب کے شائع کرتے وقت ہم یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہماری یہ کتاب کوئی فتویٰ کی کتاب نہیں ہے اور نہ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ہم نے اس میں ہر مسلک کے تمام دلائل اور جزئیات کو پوری تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔ اس قسم کی مختصر کتاب میں تمام دلائل اور جزئیات کا پوری تفصیل سے ہونا کسی طرح ممکن نہ تھا..... اس کتاب کے پڑھنے والوں سے ہماری یہ بھی گزارش ہے کہ وہ اس کتاب کو مختلف مسالک کے درمیان محاکمہ کا ذریعہ نہ بنائیں۔'' (۲۲)

فاضل مصنف نے مسائل کو بیان کرنے کا طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ پہلے عنوان قائم کرتے ہیں پھر اس کا حکم بتاتے ہیں۔ جو بالعموم احادیث سے ماخوذ ہوتا ہے۔ کتب حدیث اور بعض کتب فقہ کے حوالے متن ہی میں درج کر دیتے ہیں۔ قدرے تفصیل حاشیہ میں دیتے ہیں جلد وصفحہ کا اہتمام بھی کرتے ہیں۔ زیادہ تر تفصیلات نیل الاوطار، الفقہ علی المذاہب الاربعہ، الفتح الربانی سے ہی ماخوذ ہیں۔ جدید مسائل سے زیادہ اعتناء نہیں کرتے کسی خاص فقہ کو ترجیح بھی نہیں دیتے۔ البتہ کہیں کہیں حواشی میں تفصیلات زیادہ ہیں جس کی عوام الناس کو چنداں ضرورت نہ ہے تاہم مجموعی لحاظ سے فقہی احکام کا عمدہ مجموعہ ہے۔

۱.۷ آسان فقہ ازمولانا محمد یوسف اصلاحی :

اگرچہ فاضل منصف نے آسان فقہ کی تین جلدیں (حصے) پیش کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ مگر دو ہی جلدیں منصۂ شہود پر آسکیں۔ تیسری جلد جو معاشرت و معاملات پر مشتمل ہونا تھی منظر عام پر نہ آسکی تاہم مطبوعہ جلدوں میں پہلی جلد یا حصہ کتاب العقائد، کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے جبکہ دوسری جلد زکوٰۃ، صوم اور حج کے احکام پر مشتمل ہے۔ (۲۳) مصنف نے کتاب کی ضرورت پر یوں روشنی ڈالی ہے:

''عرصے سے ایک ایسے مختصر فقہی مجموعے کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی جو عام فہم اُسلوب، آسان زبان اور جدید تصنیفی انداز میں ترتیب دیا گیا ہو تاکہ آسانی کے ساتھ زندگی کے ہر شعبے سے متعلق وہ شرعی احکام و مسائل معلوم کیے جاسکیں جن کی عملی زندگی میں عام طور پر مسلمان کو ضرورت پڑتی ہے۔'' (۲۴)

کتاب کے عمومی اُسلوب کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''برصغیر میں اگرچہ ہر مسلک کے پیرو موجود ہیں لیکن ان کی عظیم اکثریت حنفی مسلک ماننے والوں کی ہے۔ آسان فقہ خاص طور پر انہی کے لیے مرتب کی گئی ہے اس میں اختلافات سے صرف نظر کرتے ہوئے صرف وہی متفقہ عملی مسائل بیان کیے گئے ہیں جن پر احناف کا عمل ہے اور جو عام طور پر پیش آتے ہیں تاکہ عام مسلمان ذہنی خلفشار سے محفوظ رہتے ہوئے یکسوئی اور اطمینان کے ساتھ اپنے مسلک کے مطابق عمل کرسکیں۔'' (۲۵)

فاضل مصنف نے کتاب کے تعارف میں علم فقہ کی مشکلات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ہر عالم اس موضوع پر نہ قلم اُٹھا سکتا ہے اور نہ ہی مجتہدانہ گفتگو کرسکتا ہے اور زیرنظر کاوش بھی کوئی تحقیقی اور مجتہدانہ نہیں ہے بلکہ عوام الناس کی ہدایت و رہنمائی کی ایک کاوش ہے۔ امت میں ایسے گروہ کا وجود ناگزیر ہے جو مسلمانوں کی فقہ کے میدان میں راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیں۔

بالعموم فقہ کی کتابوں کا آغاز کتاب الطہارۃ سے کیا جاتا ہے لیکن مولانا یوسف اصلاحی نے کتاب العقائد کو پہلے رکھا ہے اور اس کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ ''مسلمان ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی عقائد و افکار سے پوری طرح واقف ہو تاکہ ان پر شعوری ایمان لاکر اپنی زندگی کو سنوارنے اور سدھارنے کے لیے ان کو بنیاد بنائے اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ وہ غیر اسلامی عقائد و خیالات سے بخوبی واقف ہو جو ایمان و اسلام کے خلاف ہیں۔ (۲۶)

کتاب کا عمومی اُسلوب وخصوصیات:

کتاب کا بغور جائزہ لینے کے بعد مندرجہ ذیل پہلو سامنے آتے ہیں:

۱۔ مصنف نے مشکل فقہی اصطلاحات کی تشریح و توضیح کے لیے کتاب کے آغاز ہی میں حروفِ تہجی کے اعتبار سے ان کی فہرست مرتب کر دی ہے تاکہ ان کو یکجا دیکھا اور سمجھا جا سکے اور ہر مقام پر ان اصطلاحات کی تشریح کی ضرورت محسوس نہ ہو۔

۲۔ مصنف بالعموم کسی بھی موضوع پر لکھنے سے پہلے اس کی اہمیت قرآن و حدیث سے واضح کرتے ہیں تاکہ اس کی اہمیت قاری کے دل میں خوب بیٹھ جائے۔

۳۔ بعدازاں ایک عنوان قائم کر کے بڑے دل نشین، عام فہم انداز میں نکات وار اس کی

تشریح وتوضیح کرتے ہیں اگر کہیں ضرورت محسوس ہوتو حاشیہ میں کسی بات کی مختصر وضاحت بھی کر دیتے ہیں۔

۴۔ متن عبارت میں کہیں بھی فقہی کتب سے بھاری بھرکم عبارات نقل نہیں کرتے نہ ہی حوالہ دیتے ہیں ہاں اگر ضرورت سمجھیں تو آیات یا احادیث کا متن یا ترجمہ نقل کر دیتے ہیں وگرنہ ترجمہ ومفہوم اپنے الفاظ میں بیان کر دیتے ہیں۔

۵۔ اختلافی مسائل کی صورت میں کہیں کہیں حاشیہ میں مختصر توضیح کردیتے ہیں مثلاً وتر کے وجوب کی بابت لکھتے ہیں ''جو شخص وتر نہ پڑھے اس کا ہماری جماعت سے کوئی تعلق نہیں (ابو داؤد، حاکم) اسی تاکید کے پیش نظر امام ابو حنیفہؒ اس کو واجب کہتے ہیں البتہ اہل حدیث، امام شافعی اور قاضی ابو یوسف کے نزدیک وتر کی نماز سنت ہے۔ (۲۷)

۶۔ بعض مقامات پر کتبِ فقہ کے حوالہ سے مختصر توضیح بھی کر دیتے ہیں یہ توضیح تجزیاتی نوعیت کی ہوتی ہے۔

۷۔ کتاب کی اہم خوبی اس کی جامعیت ہے مولانا اصلاحی جس بھی عنوان کو لیتے ہیں اس کے تمام پہلوؤں پر قابل قدر روشنی ڈالتے ہیں۔

۸۔ کتاب کے آخر میں مصنف نے مآخذ کی فہرست بھی دے دی ہے ساتھ یہ عبارت بھی لکھ دی گئی ہے احکام کی حکمت وفضیلت کے مباحث میں ان کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے (چودہ کتب کی فہرست) اور مسائل واحکام کسی اجتہادی کاوش اور محاکمے کے بغیر سادہ انداز میں ذیل کی کتابوں سے نقل کیے گئے ہیں اور صرف وہی متفق علیہ مسائل منتخب کیے گئے ہیں جن کی عام طور پر ضرورت پیش آتی ہے۔ ان مآخذ میں الہدایہ، قدوری، نور الایضاح، علم الفقہ، تعلیم الاسلام، بہشتی زیور، فتاویٰ دار العلوم دیو بند اور رسائل ومسائل وغیرہ شامل ہیں۔

ان خصوصیات کے پیش نظر مذکورہ کتاب کو عوام الناس میں غیر معمولی اہمیت حاصل رہی ہے۔ اور اب تک متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

۱.۸ اسلامی فقہ از مولانا مجیب اللہ ندوی:

مولانا مجیب اللہ ندوی دار المصنفین (اعظم گڑھ، انڈیا) کے رفیق رہے۔ مصنف کے قلم سے متعدد کتابیں نکلیں ہیں۔ مولانا نے اس دعویٰ کے ساتھ کتاب کو پیش فرمایا ہے کہ ہر

مسلمان گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے جس میں اسلامی شریعت کا کوئی گوشہ چھوٹا نہیں۔ تقریباً دو ہزار سے زائد مسائل کے شرعی جوابات۔'' (۲۸)

مذکورہ کتاب کے دو حصے ہیں پہلا حصہ عقائد و عبادات پر ،جب کہ دوسرا حصہ معاملات و معاشرت پر مشتمل ہے۔مصنف نے کتاب کی غرض و غایت ان الفاظ میں بیان کی ہے:

''اسلامی فقہ پر اردو زبان میں متعدد مختصر و مطول کتابیں موجود ہیں ان کتابوں کے ہوتے ہوئے بھی راقم نے اپنی کم سوادی اور علمی بے مائیگی کے باوجود ایک اور کتاب لکھنے کی جرأت کی ہے۔ اس کی ضرورت تھی یا نہیں اس کا فیصلہ اہل علم اور ناظرین کتاب پر چھوڑتا ہوں مگر اس پر رائے اسی وقت قائم کی جائے تو بہتر ہے جب کتاب کے تمام حصے مطالعے کر لیے جائیں۔''(۲۹)

کتاب کی نمایاں خصوصیات:

فاضل مصنف نے کتاب کے اسلوب اور نمایاں خصوصیات پر یوں روشنی ڈالی ہے۔:

۱۔ ہندوستان و پاکستان کے مسلمان زیادہ تر حنفی المسلک ہیں اس لیے یہ کتاب اصلاً اسی مسلک کے مطابق لکھی گئی ہے۔

۲۔ ہر بیان کے ابتداء میں ایک تمہید لکھ دی گئی ہے جس میں قرآن و سنت کی روشنی میں یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ اس باب میں جو مسائل بیان ہوں گے وہ کتاب و سنت کے ان ہی اصولی احکام کی تشریح و تفصیل ہوں گے تا کہ پڑھنے والے کو مآخذ و ماخوذ اور اصل و فروع میں باہم تعلق محسوس ہو اور یہ فروعی و جزوی مسائل ایجادِ بندہ معلوم نہ ہوں۔

۳۔ کتاب کی زبان زیادہ سے زیادہ آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ معمولی پڑھے لکھے لوگ بھی اس کو آسانی سے سمجھ سکیں اور مثالیں عمومی وہی دی گئی ہیں جن سے روز مرہ سابقہ رہتا ہے۔

۴۔ زیادہ تر کثیر الوقوع مسائل کا ذکر کیا گیا ہے اور نادر الوقوع مسائل کا ذکر نہیں کیا گیا۔

۵۔ جس بیان میں کثرت سے اصطلاحی الفاظ آئے ہیں ان کی فہرست اس بیان کے شروع میں دے دی گئی ہے اور جہاں جہاں ان کا ذکر آیا ہے ان کا ترجمہ کر دیا گیا ہے یا ان کے مرادف الفاظ لکھ دیے گئے ہیں تا کہ وہ اصطلاحیں بھی ذہن نشین ہو جائیں او رمختصر الفاظ

میں اصولی مسائل کا تذکرہ بھی ہو جائے خاص طور پر طلبہ کے لیے یہ بہت ضروری ہے۔

۶۔ کتاب میں جتنے مشکل عربی اور اصطلاحی الفاظ آئے ہیں ان پر اعراب یعنی زیر، زبر، پیش وغیرہ دے دیے گئے ہیں ۔ اور ان الفاظ کی معنوی و اصطلاحی تفسیر کے ساتھ لغوی تشریح بھی کر دی گئی ہے تا کہ الفاظ کے تلفظ میں دقت نہ ہو۔

۷۔ افادیت کے خیال سے بعض ابواب کی ترتیب بھی راقم نے فقہ کی عام کتابوں کے خلاف رکھی ہے۔

۸۔ کتاب میں بعض جدید مسائل مثلاً رویت ہلال میں ریڈیو اور تار کی خبر کی شہادت کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

علاوہ ازیں مصنف نے دیباچہ میں اپنے مآخذ و مصادر کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ ان میں قرآن مجید کے علاوہ حدیث و فقہ کی معروف کتب جیسے صحاح ستہ، مشکوٰۃ ،مؤطا، قدوری، ہدایہ، بدائع الصنائع ،نور الایضاح، کتاب الام، اردو میں الحقوق والفرائض، بہشتی زیور اور علم الفقہ شامل ہیں۔

فاضل مصنف کا اُسلوب یہ ہے کہ پہلے ایک مرکزی عنوان قائم کرتے ہیں۔ اس کا عام فہم مفہوم بیان کرتے ہیں۔ پھر قرآن و سنت سے دلائل دیتے ہیں۔ ذیلی عنوانات کے ساتھ مسائل کی تفصیل دیتے ہیں۔ مثلاً تیمّم کا بیان، تیمّم کے معنی، تیمّم کے فرائض، تیمّم کا مسنون طریقہ، کن چیزوں سے تیمّم جائز ہ کن نجاستوں سے تیمّم ناجائز ہے۔ ضروری ہدایات، تیمّم کب کرنا چاہیے؟ کن باتوں سے تیمّم ٹوٹ جاتا ہے وغیرہ۔ (۳۰)

فاضل مصنف نے فقہ کی منتخب اور متداول کتب کی عبارت کے بعض متن حاشیہ میں نقل کیے ہیں۔ علاوہ ازیں جدید مسائل سے بھی اعتناء کیا ہے جیسے ریل، ہوائی جہاز اور پانی میں قبلہ کا تعین اختلاف مطالع کی بحث وغیرہ۔ دیگر مآخذ کے ساتھ ساتھ مصنف نے شیخ عبدالرحمٰن الجزری کی کتاب الفقہ علی مذاہب الاربعہ سے بھی خوب استدلال کیا ہے۔

عبادات کے ضمن میں اگر ایک سے زیادہ اذکار و ادعیہ ماثورہ ہیں تو ان سب کو درج کر دیا ہے۔ عبارات جو بھی نقل کی ہیں جلد اور صفحہ کے استقصاء کے ساتھ کی ہیں۔

۱.۹ اسلامی فقہ کا انسائیکلوپیڈیا از مولانا منہاج الدین مینائی :

زیر نظر کتاب کے مؤلف مولانا منہاج الدین مینائی ہندوستانی عالم ہیں۔ ابتداً کتاب

کی اشاعت بھی ہندوستان میں ہوئی کتاب کا تعارف کرواتے ہوئے محمد فاروق خان لکھتے ہیں:

''عربی زبان میں فقہ کی متعدد کتابیں موجود ہیں ضرورت تھی کہ عام ضروریات کا لحاظ کرتے ہوئے آسان اردو زبان میں فقہ کی کوئی ایسی کتاب ترتیب دی جائے جس سے عام مسلمان بآسانی استفادہ کرسکیں۔ مولانا منہاج الدین مینائی صاحب نے کوشش کی ہے کہ تمام ضروری اور عملی مسائل اس میں آ جائیں۔ چنانچہ کم وبیش دو ہزار مسائل پر کتاب مشتمل ہے کتاب کی ترتیب کے وقت مؤلف کے سامنے فقہ کی بیشتر مستند کتابیں رہی ہیں جس کتاب سے خاص طور پر انہوں نے استفادہ کیا ہے وہ علامہ الجزیری کی کتاب 'کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعۃ' چونکہ یہاں کی اکثریت فقہ حنفی کی پیرو ہے اس لیے انہوں نے اپنی کتب میں متفق علیہ مسائل میں صرف حنفی فقہاء کے مسلک کو اختیار کیا ہے اور جہاں آئمہ کی رائے میں اختلاف پایا جاتا ہے وہاں دوسری رائے بھی نقل کر دی ہے اس طرح اس کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوگیا ہے۔'' (۳۱)

فاضل مصنف نے دیباچہ میں کتاب کی غرض و غایت پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے لکھتے ہیں:

''اردو زبان میں اسلامی فقہ پر کتابیں موجود ہیں اور اہل علم حضرات نے حسب توفیق اس علم کو پھیلانے کی کوششیں کی ہیں موجودہ صدی میں (چوہویں صدی عیسوی) میں مصر کے نامور فقیہہ عبدالرحمٰن الحریری کی الفقہ علی المذاہب الاربعہ کامیاب کوشش ہے ہم نے اس کتاب سے استفادہ کیا ہے لیکن چاروں آئمہ کے مسالک علیحدہ علیحدہ بیان کرنے کی بجائے حنفی مسلک کو بنیاد بنایا ہے کیونکہ برصغیر کے مسلمان زیادہ تر حنفی مسلک پر ہیں۔ (۳۲)

کتاب کا عمومی اُسلوب:

فاضل مؤلف ایک عنوان قائم کرتے ہیں پھر اس کے ذیل میں نکات وار مسائل بیان کرتے ہیں مثلاً آذان کا بیان، ذیلی عنوانات آذان کی تعریف، آذان کا حکم اور اس کی مشروعیت، آزان دینے کا طریقہ اور اس کے الفاظ آذان کی سنتیں اور مستحبات ،آذان میں کیا باتیں مکروہ ہیں۔ (۳۳)

اگر کتاب میں قرآن حکیم کی آیت سے استدلال کیا ہے تو اس کا حوالہ دیا گیا ہے احادیث کی صورت میں کتاب حدیث یا راوی کا نام لکھ دینا ہی کافی سمجھا گیا ہے اختلافی مسائل میں اول تو بحث ہی نہیں کی گئی۔ اگر کی بھی گئی ہے تو فقہ حنفی کی تعبیرات کو اختیار کیا گیا ہے تاہم جدید اور پیچیدہ مسائل سے بھی احتراز کیا گیا ہے۔

اسلامی فقہ کے مصنف مولانا مجیب اللہ ندوی نے 'اسلامی فقہ کا انسائیکلوپیڈیا' کو سرقہ قرار دیا ہے لکھتے ہیں:

> ''کتاب کے نام اور اس کے مضامین اور عنوانات کا جس دلیری کے ساتھ سرقہ کیا گیا ہے اس کو چھپانے کے لیے دیباچہ میں کہا گیا ہے کہ اس میں عبدالرحمٰن الجزری کی کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ سے فائدہ اُٹھایا گیا ہے حالانکہ اس کتاب کے ایک صفحہ میں بھی فائدہ نہیں اُٹھایا گیا اور اس کو سمجھنے کی صلاحیت نہ تو مؤلف میں ہے اور نہ ناشر کے اندر ہے۔ جو انصاف پسند دونوں کتابوں کا مطالعہ کرے گا اس پر فریب ظاہر ہو جائے گا۔ (۳۴)

مذکورہ اقتباس کے پیش نظر مولانا مجیب اللہ ندویؒ کے دعویٰ میں کس قدر صداقت موجود ہے؟ البتہ کتاب میں بعض عنوانات اسلامی فقہ سے بعینہ ماخوذ ہیں ۔ اگر اسلامی فقہ کا انسائیکلوپیڈیا اس کتاب سے استفادہ کا اعتراف کر لیتے اور کتب مذکورہ کا حوالہ دیتے تو چنداں غلط بات نہ تھی نہ ہی ان پر سرقہ کا غیر اخلاقی الزام عائد ہوتا تاہم ہندوستان و پاکستان میں یہ وبا عام ہے کہ کتابیں بغیر اجازت کے طبع ہو جاتی ہیں بعض اوقات نام بھی بدل دیا جاتا ہے۔ تاہم سہیل، اختصار اور طباعت کے جدید تقاضوں کے پیش اسلامی فقہ کا انسائیکلوپیڈیا عوام الناس کے لیے نہایت مفید ہے۔

۱.۱۰ تسہیل الضروری لمسائل القدوری ازمفتی عاشق الٰہی بلندشہری:

(اردو ترجمہ: بنیادی فقہی احکام ازمولانا عبدالغنی طارق)

